الجزء ٢٣ — الحزب ٤٥

۞ وَمَآ أَنزَلْنَا عَلَىٰ قَوْمِهِۦ مِنۢ بَعْدِهِۦ مِن جُندٍ مِّنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا
اور نہیں — نازل کیا ہم — پر — اس کی قوم — اس کے بعد — کوئی — لشکر — سے — آسمان — اور نہ

كُنَّا مُنزِلِينَ ﴿٢٨﴾ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَٰحِدَةً فَإِذَا هُمْ خَٰمِدُونَ
تھے ہم — نازل کرنے والے — ۳٦:۲۸ — نہ — تھی (وہ بس) — مگر — چیخ — بس ایک ہی — تو دفعتاً — وہ — وہ بجھے ہوئے تھے

﴿٢٩﴾ يَٰحَسْرَةً عَلَى ٱلْعِبَادِ ۚ مَا يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا۟ بِهِۦ
۳٦:۲۹ — ہائے حسرت — پر — بندوں — نہیں — آتا ان کے پاس — کوئی — رسول — مگر — ہیں وہ — اس کے ساتھ

يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٣٠﴾ أَلَمْ يَرَوْا۟ كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ ٱلْقُرُونِ
مذاق اڑاتے — ۳٦:۳۰ — کیا نہیں — انہوں نے دیکھا — کتنی ہی — ہلاک کردیں ہم نے — ان سے پہلے — میں سے — بستیوں

أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٣١﴾ وَإِن كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ
بیشک وہ — ان کی طرف — نہیں — لوٹئے — ۳٦:۳۱ — اور نہیں — سب کے سب — مگر — سارے ہمارے — پاس — حاضر کئے جانے والے ہیں

﴿٣٢﴾ وَءَايَةٌ لَّهُمُ ٱلْأَرْضُ ٱلْمَيْتَةُ أَحْيَيْنَٰهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا
۳٦:۳۲ — اور ایک نشانی — ان کے لئے — زمین ہے — مردہ — زندہ کیا ہم نے اس کو — اور نکالا ہم نے — اس میں سے — غلہ

فَمِنْهُ يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّٰتٍ مِّن نَّخِيلٍ
تو اس سے — وہ کھاتے ہیں — ۳٦:۳۳ — اور ہم نے بنائے — اس میں — باغات — سے — کھجوروں (میں)

وَأَعْنَٰبٍ وَفَجَّرْنَا فِيهَا مِنَ ٱلْعُيُونِ ﴿٣٤﴾ لِيَأْكُلُوا۟ مِن ثَمَرِهِۦ
اور انگوروں (میں) سے — اور بہائے ہم نے — اس میں — میں سے — چشموں — ۳٦:۳٤ — تاکہ وہ کھائیں — میں سے — اسی کی پیداوار

وَمَا عَمِلَتْهُ أَيْدِيهِمْ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٥﴾ سُبْحَٰنَ ٱلَّذِى
حالانکہ نہیں — کیا اس کام کو — ان کے ہاتھوں نے — کیا پھر نہیں — وہ شکر کریں گے — ۳٦:۳۵ — پاک ہے — وہ ذات

خَلَقَ ٱلْأَزْوَٰجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنۢبِتُ ٱلْأَرْضُ وَمِنْ أَنفُسِهِمْ
جس نے پیدا کیا — جوڑوں کو — سارے کے سارے — اس میں سے — جو اگاتی ہے — زمین — اور سے — ان کے نفسوں (سے)

وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٦﴾ وَءَايَةٌ لَّهُمُ ٱلَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ ٱلنَّهَارَ
اور اس میں سے جو — نہیں — وہ جانتے — ۳٦:۳٦ — اور ایک نشانی — ان کے لئے — رات ہے — ہم نکال لیتے ہیں — اس سے — دن کو

فَإِذَا هُم مُّظْلِمُونَ ﴿٣٧﴾ وَٱلشَّمْسُ تَجْرِى لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۚ
تو تب — وہ — اندھیرے میں داخل ہوجاتے ہیں — ۳٦:۳۷ — اور سورج — چل رہا ہے — مقررہ ٹھکانہ کی طرف — اس کا

ذَٰلِكَ تَقْدِيرُ ٱلْعَزِيزِ ٱلْعَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَٱلْقَمَرَ قَدَّرْنَٰهُ مَنَازِلَ حَتَّىٰ
یہ — اندازہ ہے — زبردست — علم والے کا — ۳٦:۳۸ — اور چاند — مقرر کیں ہم نے اس کی — منزلیں — یہاں تک کہ

عَادَ كَٱلْعُرْجُونِ ٱلْقَدِيمِ ﴿٣٩﴾ لَا ٱلشَّمْسُ يَنۢبَغِى لَهَآ أَن تُدْرِكَ
لوٹ گیا — پتلی ٹہنی کی طرح — جو (پرانی) ہو — ۳٦:۳۹ — نہیں — سورج — زیب دیتا — اس کے لئے — کہ — پالے

ٱلْقَمَرَ وَلَا ٱلَّيْلُ سَابِقُ ٱلنَّهَارِ ۚ وَكُلٌّ فِى فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ﴿٤٠﴾
چاند کو — اور نہ — رات — سبقت لے جانے والی ہے — دن سے — اور سب کے سب — میں — ایک فلک — تیر رہے ہیں — ۳٦:٤٠

**پارہ ۲۳**

۲۸. اس کے بعد ہم نے اس کی قوم پر آسمان سے کوئی لشکر نہ اتارا اور نہ اس طرح ہم اتارا کرتے ہیں۔

۲۹. وہ تو صرف ایک زور کی چیخ تھی کہ یکایک وہ سب کے سب بجھ بھجا گئے

۳۰. (ایسے) بندوں پر افسوس! کبھی بھی کوئی رسول ان کے پاس نہیں آیا جس کی ہنسی انہوں نے نہ اڑائی ہو۔

۳۱. کیا انہوں نے نہیں مزاق دیکھا کہ ان سے پہلے بہت سی قوموں کو ہم نے غارت کر دیا کہ وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

۳۲. اور نہیں ہے کوئی جماعت مگر یہ وہ جمع ہو کر ہمارے سامنے حاضر کی جائے گی

۳۳. اور ان کے لئے ایک نشانی (خشک) زمین ہے جس کو ہم نے زندہ کر دیا اور اس سے غلہ نکالا جس میں سے وہ کھاتے ہیں۔

۳٤. اور ہم نے اس میں کھجوروں کے اور انگور کے باغات پیدا کر دیئے اور جن میں ہم نے چشمے بھی جاری کر دیئے ہیں۔

۳۵. تاکہ (لوگ) اس کے پھل کھائیں اور اس کو ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا، پھر کیوں شکر گزاری نہیں کرتے۔

۳٦. وہ پاک ذات ہے جس نے ہرچیز کے جوڑے پیدا کیے خواہ وہ زمین کی اگائی ہوئی چیزیں ہوں، خواہ خود ان کے نفوس ہوں خواہ وہ (چیزیں) ہوں جنہیں یہ جانتے بھی نہیں

۳۷. اور ان کے لئے ایک نشانی رات ہے جس سے ہم دن کو کھنچ دیتے ہیں تو یکایک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔

۳۸. اور سورج کے لئے جو مقررہ راہ ہے وہ اسی پر چلتا رہتا ہے یہ ہے مقرر کردہ غالب، باعلم اللہ تعالیٰ کا۔

۳۹. اور چاند کی منزلیں مقرر کر رکھی ہیں کہ وہ لوٹ کر پرانی ٹہنی کی طرح ہو جاتا ہے۔

٤۰. نہ آفتاب کی یہ مجال ہے کہ چاند کو پکڑے اور نہ رات دن پر آگے بڑھ جانے والی ہے اور سب کے سب آسمان میں تیرتے پھرتے ہیں۔

وَءَايَةٌ لَّهُمْ أَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي ٱلْفُلْكِ ٱلْمَشْحُونِ ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا
اور ایک نشانی ہے · ان کے لئے · بیشک ہم نے · سوار کیا ہم نے · ان کی اولاد کو · میں · کشتی · بھری ہوئی · ۳٦:٤١ · اور پیدا کیا ہم نے

لَهُم مِّن مِّثْلِهِۦ مَا يَرْكَبُونَ ﴿٤٢﴾ وَإِن نَّشَأْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ
ان کے لئے · سے · اس کی مانند · جس پر · وہ جو سوار ہوتے ہیں · ۳٦:٤٢ · اور اگر · ہم چاہیں · ہم غرق کردیں ان کو · تو نہیں · کوئی مددگار · ان کے لئے

وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ ﴿٤٣﴾ إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَٰعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿٤٤﴾ وَإِذَا
اور نہ · وہ · بچائے جاسکتے ہیں · ۳٦:٤٣ · سوائے · رحمت کے · جو ہماری طرف سے ہو · اور ایک فائدے کے · تک · ایک وقت · ۳٦:٤٤ · اور جب

قِيلَ لَهُمُ ٱتَّقُوا۟ مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ
کہا جاتا ہے · ان سے · ڈرو · اس سے جو · تمہارے سامنے · اور جو · تمہارے پیچھے ہے · تاکہ تم · تم رحم کئے جاؤ

﴿٤٥﴾ وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ ءَايَةٍ مِّنْ ءَايَٰتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا۟ عَنْهَا
۳٦:٤٥ · اور نہیں · آتی ان کے پاس · کوئی · نشانی · میں سے · نشانیوں · ان کے رب کی · مگر · ہوتے ہیں وہ · اس سے

مُعْرِضِينَ ﴿٤٦﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا۟ مِمَّا رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ قَالَ ٱلَّذِينَ
اعراض برتنے والے · ۳٦:٤٦ · اور جب · کہا جاتا ہے · ان کو · خرچ کرو · اس میں سے · جو رزق دیا تم کو · اللہ نے · کہتے ہیں وہ · ان لوگوں نے

كَفَرُوا۟ لِلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ أَنُطْعِمُ مَن لَّوْ يَشَآءُ ٱللَّهُ أَطْعَمَهُۥٓ إِنْ
جنہوں نے کفر کیا · ان لوگوں سے · جو ایمان لائے · کیا ہم کھلائیں · جس کو · اگر · چاہتا · اللہ · کھلا دیتا اس کو · نہیں

أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ﴿٤٧﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا ٱلْوَعْدُ إِن كُنتُمْ
ہو تم · مگر · ،میں · گمراہی (میں) · کھلی · ۳٦:٤٧ · اور وہ کہتے ہیں · کب ہوگی · یہ · وعدہ · اگر · ہو تم

صَٰدِقِينَ ﴿٤٨﴾ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَٰحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ
سچے · ۳٦:٤٨ · نہیں · وہ انتظار کر رہے · مگر · چیخ کا · ایک ہی · پکڑ لے گی ان کو · اور وہ

يَخِصِّمُونَ ﴿٤٩﴾ فَلَا يَسْتَطِيعُونَ تَوْصِيَةً وَلَآ إِلَىٰٓ أَهْلِهِمْ
جھگڑ رہے ہوں گے · ۳٦:٤٩ · پس نہ · وہ استطاعت رکھتے ہوں گے · کوئی وصیت کرنے کی · اور نہ · طرف · اپنے گھر والوں کی

يَرْجِعُونَ ﴿٥٠﴾ وَنُفِخَ فِي ٱلصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ ٱلْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ
وہ پلٹ سکیں گے · ۳٦:٥٠ · اور پھونک دیا جائے گا · میں · صور · تو دفعتاً · وہ · سے · قبروں · طرف · اپنے رب کی

يَنسِلُونَ ﴿٥١﴾ قَالُوا۟ يَٰوَيْلَنَا مَنۢ بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۜ هَٰذَا مَا وَعَدَ
تیزی سے چل رہے ہوں گے · ۳٦:٥١ · کہیں گے · ہائے افسوس ہم پر · کس نے · اٹھادیا ہم کو · سے · ہماری سونے کی جگہوں · یہ ہے · وہ جو · وعدہ کیا تھا

ٱلرَّحْمَٰنُ وَصَدَقَ ٱلْمُرْسَلُونَ ﴿٥٢﴾ إِن كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً
رحمن نے · اور سچ کہا تھا · رسولوں نے · ۳٦:٥٢ · نہ · ہوگی · مگر · چیخ

وَٰحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٥٣﴾ فَٱلْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ
ایک ہی · تو دفعتاً · وہ · سب کے سب · ہمارے پاس · حاضر کئے جانے والے ہیں · ۳٦:٥٣ · تو آج کے دن · نہ · ظلم کیا جائے گا

نَفْسٌ شَيْـًٔا وَلَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٥٤﴾
کسی نفس پر · کچھ بھی · اور نہ · تم بدلہ دیئے جاؤ گے · مگر · (وہ) جو · تھے تم · تم عمل کرتے · ۳٦:٥٤

٤١. ان کے لئے ایک نشانی (یہ بھی) ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔

٤٢. اور ان کے لئے اسی جیسی اور چیزیں پیدا کیں جن پر یہ سوار ہوتے ہیں۔

٤٣. اور اگر ہم چاہتے تو انہیں ڈبو دیتے۔ پھر نہ تو کوئی ان کا فریاد رس ہوتا نہ بچائے جائیں۔

٤٤. لیکن ہم اپنی طرف سے رحمت کرتے ہیں اور ایک مدت تک کے لئے انہیں فائدے دے رہے ہیں۔

٤٥. اور ان سے جب (کبھی) کہا جاتا ہے کہ اگلے پچھلے (گناہوں) سے بچو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

٤٦. اور ان کے پاس تو ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی ایسی نہیں آتی جس سے یہ بے رخی نہ برتتے ہوں۔

٤٧. اور ان سے جب کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے میں سے کچھ خرچ کرو، تو یہ کفار ایمان والوں کو جواب دیتے ہیں کہ ہم انہیں کیوں کھلائیں؟ جنہیں اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو خود کھلا پلا دیتا تم تو ہو ہی کھلی گمراہی میں۔

٤٨. وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا، سچے ہو تو بتلاؤ۔

٤٩. انہیں صرف ایک چیخ کا انتظار ہے جو انہیں آپکڑے گی اور یہ باہم لڑائی جھگڑے میں ہی ہونگے۔

٥٠. اس وقت نہ تو یہ وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے اہل کی طرف لوٹ سکیں گے۔

٥١. تو صور کے پھونکے جاتے ہی سب اپنی قبروں سے اپنے پروردگار کی طرف (تیز تیز) چلنے لگیں گے۔

٥٢. کہیں گے ہائے ہائے! ہمیں ہماری خواب گاہوں سے کس نے اٹھا دیا، یہی ہے جس کا وعدہ رحمٰن نے دیا تھا اور رسولوں نے سچ سچ کہہ دیا تھا۔

٥٣. یہ نہیں ہے مگر ایک چیخ کہ یکایک سارے کے سارے ہمارے سامنے حاضر کر دیئے جائیں گے۔

٥٤. پس آج کسی شخص پر کچھ بھی ظلم نہ کیا جائے گا اور تمہیں انہیں بدلہ دیا جائے گا، مگر صرف ان ہی کاموں کا جو تم کیا کرتے تھے۔

إِنَّ أَصْحَٰبَ ٱلْجَنَّةِ ٱلْيَوْمَ فِى شُغُلٍ فَٰكِهُونَ ﴿٥٥﴾ هُمْ وَأَزْوَٰجُهُمْ

بیشک | والے | جنت | آج کے دن | میں | ایک شغل (میں) | خوش ہورہے ہوں گے | ٣٦:٥٥ | وہ (ہوں گے) | اور ان کی بیویاں (ہوں گی)

فِى ظِلَٰلٍ عَلَى ٱلْأَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔونَ ﴿٥٦﴾ لَهُمْ فِيهَا فَٰكِهَةٌ

میں | سایوں | پر | تختوں (پر) | تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے | ٣٦:٥٦ | ان کے لئے | اس میں | میوے ہوں گے

وَلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ﴿٥٧﴾ سَلَٰمٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿٥٨﴾ وَٱمْتَٰزُوا۟

اور ان کے لئے (ہوگا) | وہ جو | وہ طلب کریں گے | ٣٦:٥٧ | سلام ہو | یہ ایک بات ہوگی | سے | رب | رحیم کی طرف سے | ٣٦:٥٨ | اور الگ ہو جاؤ

١/٤ الحزب ٤٥

ٱلْيَوْمَ أَيُّهَا ٱلْمُجْرِمُونَ ﴿٥٩﴾ ۞ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يَٰبَنِىٓ ءَادَمَ

آج کے دن | اے | مجرمو | ٣٦:٥٩ | کیا نہیں میں نے عہد کیا تھا | تمہاری طرف | اے بنی | آدم

أَن لَّا تَعْبُدُوا۟ ٱلشَّيْطَٰنَ ۖ إِنَّهُۥ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٦٠﴾ وَأَنِ

کہ | نہ | تم عبادت کرو | شیطان کی | بیشک وہ | تمہارے لئے | دشمن ہے | کھلم کھلا | ٣٦:٦٠ | اور یہ کہ

ٱعْبُدُونِى ۚ هَٰذَا صِرَٰطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾ وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنكُمْ

عبادت کرو میری | یہ | راستہ ہے | سیدھا | ٣٦:٦١ | اور البتہ تحقیق | اس نے گمراہ کردیا | تم میں سے

جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا۟ تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هَٰذِهِۦ جَهَنَّمُ ٱلَّتِى

مخلوق کو | بہت سی | کیا پھر نہیں | تھے تم | تم عقل سے کام لیتے | ٣٦:٦٢ | یہ ہے | وہ جہنم | وہ جو

كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ ٱصْلَوْهَا ٱلْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾

تھے تم | تم وعدہ کیے جاتے | ٣٦:٦٣ | داخل ہوجاؤ اس میں | آج کے دن | بوجہ اس کے | جو تھے تم | تم کفر کرتے | ٣٦:٦٤

ٱلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰٓ أَفْوَٰهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم

آج | ہم مہر لگادیں گے | پر | ان کے مونہوں | اور کلام کریں گے ہم سے | ان کے ہاتھ | اور گواہی دیں گے | ان کے پاؤں

بِمَا كَانُوا۟ يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلَىٰٓ أَعْيُنِهِمْ

بوجہ اس کے | جو تھے وہ | وہ کمائی کرتے | ٣٦:٦٥ | اور اگر | ہم چاہیں | ناپید کردیں | اوپر | ان کی آنکھوں کے

فَٱسْتَبَقُوا۟ ٱلصِّرَٰطَ فَأَنَّىٰ يُبْصِرُونَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنَٰهُمْ

پس وہ دوڑیں | راستے کو | تو کہاں سے | وہ دیکھ سکیں گے | ٣٦:٦٦ | اور اگر | ہم چاہیں | البتہ مسخ کردیں ہم ان کو

عَلَىٰ مَكَانَتِهِمْ فَمَا ٱسْتَطَٰعُوا۟ مُضِيًّا وَلَا يَرْجِعُونَ

پر | ان کی جگہوں | تو نہ وہ | استطاعت رکھتے ہوں گے | گزرنے کی | اور نہ | وہ پلٹ سکیں گے

﴿٦٧﴾ وَمَن نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى ٱلْخَلْقِ ۖ أَفَلَا يَعْقِلُونَ ﴿٦٨﴾

٣٦:٦٧ | اور جس کسی کو بھی | ہم عمر دیتے ہیں | ہم الٹا کردیتے ہیں اس کو | میں | ساخت | کیا بھلا نہیں | وہ عقل رکھتے | ٣٦:٦٨

وَمَا عَلَّمْنَٰهُ ٱلشِّعْرَ وَمَا يَنۢبَغِى لَهُۥٓ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْءَانٌ مُّبِينٌ

اور نہیں | سکھایا ہم نے اس کو | شعر (شاعری) | اور نہیں | زیب دیتا | اس کو | نہیں ہے وہ | مگر | ایک نصیحت | اور قرآن | روشن

﴿٦٩﴾ لِّيُنذِرَ مَن كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ ٱلْقَوْلُ عَلَى ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿٧٠﴾

٣٦:٦٩ | تاکہ وہ خبردار کرے | اس کو | جو ہے | زندہ | اور ثابت ہوجائے | بات | پر | کافروں | ٣٦:٧٠

٥٥. جنتی لوگ آج کے دن اپنے (دلچسپ) مشغلوں میں ہشاش بشاش ہیں۔

٥٦. وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں مسہریوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے۔

٥٧. ان کے لئے جنت میں ہر قسم کے میوے ہوں گے اور بھی جو کچھ وہ طلب کریں۔

٥٨. مہربان پروردگار کی طرف سے انہیں سلام کہا جائے گا۔

٥٩. اے گناہ گارو! آج تم الگ ہو جاؤ۔

٦٠. اے اولاد آدم! کیا میں نے تم سے قول قرار نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی عبادت نہ کرنا، وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

٦١. اور میری عبادت کرنا، سیدھی راہ یہی ہے۔

٦٢. شیطان نے تم میں سے بہت ساری مخلوق کو بہکا دیا۔ کیا تم عقل نہیں رکھتے۔

٦٣. یہی وہ دوزخ ہے جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔

٦٤. اپنے کفر کا بدلہ پانے کے لئے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

٦٥. ہم آج کے دن ان کے منہ پر مہر لگا دیں گے اور ان کے ہاتھ ہم سے باتیں کریں گے اور ان کے پاؤں گواہیاں دیں گے، ان کاموں کی جو وہ کرتے تھے۔

٦٦. اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں بےنور کر دیتے پھر یہ راستے کی طرف دوڑتے پھرتے لیکن انہیں کیسے دکھائی دیتا؟۔

٦٧. اور اگر ہم چاہتے تو ان کی جگہ ہی پر ان کی صورتیں مسخ کر دیتے پھر نہ وہ چل پھر سکتے اور نہ لوٹ سکتے۔

٦٨. اور جسے ہم بوڑھا کرتے ہیں اسے پیدائشی حالت کی طرف پھر الٹ دیتے ہیں، کیا پھر بھی وہ نہیں سمجھتے۔

٦٩. نہ تو ہم نے اس پیغمبر کو شعر سکھائے اور نہ یہ اس کے لائق ہے۔ وہ تو صرف نصیحت اور واضح قرآن ہے۔

٧٠. تاکہ وہ ہر شخص کو آگاہ کر دے جو زندہ ہے اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے۔

أَوَلَمْ يَرَوْا أَنَّا خَلَقْنَا لَهُم مِّمَّا عَمِلَتْ أَيْدِينَا أَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا
کیا بھلا نہیں | انہوں نے دیکھا | بیشک ہم نے | پیدا کیا ہم نے | ان کے لئے | اس میں سے | جو بنایا | ہمارے ہاتھوں نے | مویشیوں کو | تو وہ | اس کے

مَٰلِكُونَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنَاهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوبُهُمْ وَمِنْهَا يَأْكُلُونَ
مالک ہیں | ۳٦:۷۱ | اور مطیع کردیا ہم نے ان کو | ان کے لئے | تو ان میں سے کچھ | ان کی سواری ہیں | اور کچھ ان میں سے | وہ کھاتے ہیں

﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۖ أَفَلَا يَشْكُرُونَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوا
۳٦:۷۲ | اور ان کے لئے | ان میں (مویشیوں میں) | فائدے ہیں | اور پینے کی چیزیں ہیں | کیا پھر وہ | شکر ادا نہ کریں گے | ۳٦:۷۳ | اور انہوں نے بنالیے

مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنصَرُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيعُونَ
سوا | اللہ کے | کچھ الٰہ | شاید کہ وہ | وہ مدد دئیے جائیں | ۳٦:۷٤ | نہیں | وہ استطاعت رکھتے

نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ جُندٌ مُّحْضَرُونَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنكَ قَوْلُهُمْ
ان کی مدد کی | بلکہ وہ | ان کے لئے | لشکر ہیں | حاضر کئے گئے | ۳٦:۷۵ | پس نہ | غمگین کرے تجھ کو | ان کی بات

إِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٦﴾ أَوَلَمْ يَرَ الْإِنسَانُ أَنَّا
بیشک ہم | ہم جانتے ہیں | جو کچھ | وہ چھپاتے ہیں | اور جو کچھ | وہ اعلان کرتے ہیں | ۳٦:۷٦ | کیا بھلا نہیں | دیکھا | انسان | بیشک ہم نے

خَلَقْنَاهُ مِن نُّطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُّبِينٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا
پیدا کیا ہم نے اس کو | سے | نطفے | تو پھر | وہ | جھگڑالو ہے | کھلم کھلا | ۳٦:۷۷ | اور اس نے بیان کی | ہمارے لئے

مَثَلًا وَنَسِيَ خَلْقَهُ ۖ قَالَ مَن يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ﴿٧٨﴾
مثال | اور وہ بھول گیا | اپنی پیدائش کو | وہ کہتا ہے | کون | زندہ کرے گا | ہڈیوں کو | جبکہ وہ | بہت پرانی ہوگئی ہوں | ۳٦:۷۸

قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ
کہہ دیجئے | زندہ کرے گا ان کو | وہی | جس نے پیدا کیا ان کو | پہلی | بار | اور وہ | ساتھ ہر | تخلیق کے | جاننے والا ہے

﴿٧٩﴾ الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَا أَنتُم
۳٦:۷۹ | جس نے | بنائی | تمہارے لئے | سے | درخت | سبز | آگ | تو تب | تم

مِّنْهُ تُوقِدُونَ ﴿٨٠﴾ أَوَلَيْسَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ
اس سے | تم جلاتے ہو | ۳٦:۸۰ | کیا بھلا نہیں ہے | وہ ذات | جس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو

بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَن يَخْلُقَ مِثْلَهُم ۚ بَلَىٰ وَهُوَ الْخَلَّاقُ الْعَلِيمُ ﴿٨١﴾
قادر | اس بات پر | کہ | وہ پیدا کرے | ان کی مانند | کیوں نہیں | اور وہ | پیدا کرنے والا ہے | خوب جاننے والا ہے | ۳٦:۸۱

إِنَّمَا أَمْرُهُ إِذَا أَرَادَ شَيْئًا أَن يَقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿٨٢﴾
بیشک | اس کی بات | جب بھی | وہ ارادہ کرتا ہے | کسی چیز کا | کہ | وہ کہتا ہے | اس کو | ہوجا | تو وہ ہوجاتی ہے | ۳٦:۸۲

فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٨٣﴾
پس پاک ہے | وہ ذات | جس کے ہاتھوں میں | بادشاہت ہے | ہر | چیز کی | اور اسی کی طرف | تم سب لوٹائے جاؤ گے | ۳٦:۸۳

## سُورَةُ الصَّافَّاتِ ٣٧ ١٨٢

۷۱. کیا وہ نہیں دیکھتے ہم نے اپنے ہاتھوں بنائی ہوئی چیزوں میں سے ان کے لئے چوپائے بھی پیدا کئے جن کے کہ یہ مالک ہوگئے ہیں

۷۲. اور ان مویشیوں کو ہم نے ان کے تابع فرمان کردیا جن میں سے بعض تو ان کی سواریاں ہیں اور بعض کا گوشت کھاتے ہیں۔

۷۳. انہیں ان میں سے اور بھی بہت سے فائدے ہیں اور پینے کی چیزیں۔ کیا پھر (بھی) یہ شکر ادا نہیں کریں گے؟

۷٤. اور وہ اللہ کے سوا دوسروں کو معبود بناتے ہیں تاکہ وہ مدد کئے جائیں۔

۷۵. (حالانکہ) ان میں ان کی مدد کی طاقت ہی نہیں، (لیکن) پھر بھی (مشرکین) ان کے لئے حاضر باش لشکری ہیں

۷٦. پس آپ کو ان کی بات غمناک نہ کرے، ہم ان کی پوشیدہ اور اعلانیہ سب باتوں کو (بخوبی) جانتے ہیں۔

۷۷. کیا انسان کو اتنا بھی معلوم نہیں کہ ہم نے اسے نطفے سے پیدا کیا ہے؟ پھر یکایک وہ صریح جھگڑالو بن بیٹھا۔

۷۸. اور اس نے ہمارے لئے مثال بیان کی اور اپنی (اصل) پیدائش کو بھول گیا، کہنے لگا ان کی گلی سڑی ہڈیوں کو کون زندہ کر سکتا ہے؟

۷۹. آپ جواب دیجئے! کہ انہیں وہ زندہ کرے گا جس نے اول مرتبہ پیدا کیا ہے جو سب طرح کی پیدائش کا بخوبی جاننے والا ہے۔

۸۰. وہی جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کر دی جس سے تم یکایک آگ سلگاتے ہو۔

۸۱. جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے کیا وہ ہم جیسوں کے پیدا کرنے پر قادر نہیں، بیشک قادر ہے۔ اور وہی پیدا کرنے والا دانا (بینا) ہے۔

۸۲. وہ جب کبھی کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے اسے اتنا فرما دینا (کافی ہے) کہ ہو جا، تو وہ اسی وقت ہو جاتی ہے۔

۸۳. پس پاک ہے وہ اللہ جس کے ہاتھ میں ہرچیز کی بادشاہت ہے اور جس کی طرف تم سب لوٹائے جاؤ گے۔

سورۃ الصّافات
مکہ
سورہ نمبر: ۳۷ آیات: ۱۸۲

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَٱلصَّٰٓفَّٰتِ صَفًّا ﴿١﴾ فَٱلزَّٰجِرَٰتِ زَجْرًا ﴿٢﴾ فَٱلتَّٰلِيَٰتِ ذِكْرًا ﴿٣﴾ إِنَّ

قسم ہے صفیں باندھنے والوں کی — صف در صف — ۳۷:۱ — پھر ڈانٹ دینے والوں کی — سخت ڈانٹنا — ۳۷:۲ — پھر تلاوت کرنے والوں کی — ذکر کو — ۳۷:۳ — بیشک

إِلَٰهَكُمْ لَوَٰحِدٌ ﴿٤﴾ رَّبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ

الٰہ تمہارا — یقینا ایک ہی ہے — ۳۷:۴ — جو رب ہے — آسمانوں کا — اور زمین کا — اور جو — ان دونوں کے درمیان ہے — اور جو رب ہے

ٱلْمَشَٰرِقِ ﴿٥﴾ إِنَّا زَيَّنَّا ٱلسَّمَآءَ ٱلدُّنْيَا بِزِينَةٍ ٱلْكَوَاكِبِ ﴿٦﴾ وَحِفْظًا

مشرقوں کا — ۳۷:۵ — بیشک ہم نے — خوب صورت بنایا ہم نے — آسمان — دنیا کو — زینت سے — ستاروں کے — ۳۷:۶ — اور حفاظت کا ذریعہ

مِّن كُلِّ شَيْطَٰنٍ مَّارِدٍ ﴿٧﴾ لَّا يَسَّمَّعُونَ إِلَى ٱلْمَلَإِ ٱلْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ

سے — ہر — شیطان — جو سرکش ہے — ۳۷:۷ — نہیں وہ کان لگا کر سن سکتے — طرف — جماعت کے — بلندیوں والی — اور وہ ہانکے جاتے ہیں

مِن كُلِّ جَانِبٍ ﴿٨﴾ دُحُورًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ ﴿٩﴾ إِلَّا مَنْ خَطِفَ

سے — ہر — طرف (سے) — ۳۷:۸ — سخت ذلت کے ساتھ — اور ان کے لئے — عذاب ہے — مسلسل — ۳۷:۹ — مگر — جو کوئی اچک لے جاتا ہے

ٱلْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُۥ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿١٠﴾ فَٱسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَم

اچک لے جانا — تو پیچھا کرتا ہے اس کا — انگارہ — دہکتا ہوا — ۳۷:۱۰ — پس پوچھ لیجئے ان سے — کیا وہ — زیادہ سخت ہیں — پیدائش کے اعتبار سے — یا

مَّنْ خَلَقْنَآ ۚ إِنَّا خَلَقْنَٰهُم مِّن طِينٍ لَّازِبٍۭ ﴿١١﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُونَ

جس — چیز کو پیدا کیا ہم نے — بیشک ہم نے — پیدا کیا ان کو — سے — مٹی — چپکتی — ۳۷:۱۱ — بلکہ — تم حیران ہو — تو وہ مذاق اڑاتے ہیں

﴿١٢﴾ وَإِذَا ذُكِّرُوا۟ لَا يَذْكُرُونَ ﴿١٣﴾ وَإِذَا رَأَوْا۟ ءَايَةً يَسْتَسْخِرُونَ ﴿١٤﴾

۳۷:۱۲ — اور جب — وہ نصیحت کئے جاتے ہیں — نہیں — نصیحت پکڑتے — ۳۷:۱۳ — اور جب — وہ دیکھتے ہیں — کوئی نشانی — تو وہ مذاق اڑاتے ہیں — ۳۷:۱۴

وَقَالُوٓا۟ إِنْ هَٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿١٥﴾ أَءِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا

اور کہتے ہیں — نہیں — یہ — مگر — ایک جادو — کھلم کھلا — ۳۷:۱۵ — کیا جب — ہم مرجائیں گے — اور ہم ہوجائیں گے — مٹی — اور ہڈیاں

أَءِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿١٦﴾ أَوَءَابَآؤُنَا ٱلْأَوَّلُونَ ﴿١٧﴾ قُلْ نَعَمْ وَأَنتُمْ دَٰخِرُونَ

کیا بیشک ہم — البتہ اٹھائے جائیں گے — ۳۷:۱۶ — کیا بھلا ہمارے آباؤ اجداد — پہلے (بھی) — ۳۷:۱۷ — کہہ دیجئے — ہاں — اور تم — ذلیل و خوار ہونے والے ہو

﴿١٨﴾ فَإِنَّمَا هِىَ زَجْرَةٌ وَٰحِدَةٌ فَإِذَا هُمْ يَنظُرُونَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوا۟ يَٰوَيْلَنَا

۳۷:۱۸ — تو بیشک — وہ — ڈانٹ ہوگی — ایک ہی — تو دفعۃً — وہ — دیکھ رہے ہوں گے — ۳۷:۱۹ — اور وہ کہیں گے — ہائے افسوس ہم پر

هَٰذَا يَوْمُ ٱلدِّينِ ﴿٢٠﴾ هَٰذَا يَوْمُ ٱلْفَصْلِ ٱلَّذِى كُنتُم بِهِۦ تُكَذِّبُونَ ﴿٢١﴾

یہ ہے — دن — جزا کا — ۳۷:۲۰ — یہ ہے — دن — فیصلے کا — وہ جو — تھے تم — اس کو — تم جھٹلایا کرتے — ۳۷:۲۱

۞ ٱحْشُرُوا۟ ٱلَّذِينَ ظَلَمُوا۟ وَأَزْوَٰجَهُمْ وَمَا كَانُوا۟ يَعْبُدُونَ ﴿٢٢﴾ مِن دُونِ

گھیر لاؤ — ان لوگوں کو — جنہوں نے ظلم کیا — اور ان کی بیویوں کو — اور ان کو، — جن کی تھے وہ — عبادت کرتے — ۳۷:۲۲ — سوا

ٱللَّهِ فَٱهْدُوهُمْ إِلَىٰ صِرَٰطِ ٱلْجَحِيمِ ﴿٢٣﴾ وَقِفُوهُمْ ۖ إِنَّهُم مَّسْـُٔولُونَ ﴿٢٤﴾

اللہ کے — پس راہ دکھاؤ ان کو — طرف — راستہ — جہنم کی — ۳۷:۲۳ — اور روکو ان کو — بیشک وہ — سوال کئے جانے والے ہیں — ۳۷:۲۴

٣/٤ الحزب ٤٥

۱. قسم صف باندھنے والے (فرشتوں) کی۔
۲. پھر پوری طرح ڈانٹنے والوں کی۔
۳. پھر ذکر اللہ کی تلاوت کرنے والوں کی۔
۴. یقیناً تم سب کا معبود ایک ہی ہے۔
۵. آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی تمام چیزوں اور مشرقوں کا رب وہی ہے۔
۶. ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے آراستہ کیا۔
۷. اور حفاظت کی سرکش شیطان سے۔
۸. عالم بالا کے فرشتوں (کی باتوں) کو سننے کے لئے وہ کان بھی نہیں لگا سکتے، بلکہ ہر طرف سے وہ مارے جاتے ہیں۔
۹. بھگانے کے لئے اور ان کے لئے دائمی عذاب ہے۔
۱۰. مگر جو کوئی ایک آدھ بات اچک لے بھاگے تو (فوراً ہی) اس کے پیچھے دہکتا ہوا شعلہ لگ جاتا ہے۔
۱۱. ان کافروں سے پوچھو تو کہ کیا ان کا پیدا کرنا زیادہ دشوار ہے یا (ان کا) جنہیں ہم نے ان کے علاوہ پیدا کیا ہے؟ ہم نے (انسانوں) کو لیسدار مٹی سے پیدا کیا ہے؟۔
۱۲. بلکہ تو تعجب کر رہا ہے اور یہ مسخرا پن کر رہے ہیں۔
۱۳. اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے یہ نہیں مانتے۔
۱۴. اور جب کسی معجزے کو دیکھتے ہیں تو مذاق اڑاتے ہیں۔
۱۵. اور کہتے ہیں کہ یہ تو بالکل کھلم کھلا جادو ہی ہے
۱۶. کیا جب ہم مر جائیں گے خاک اور ہڈی ہوجائیں گے پھر کیا (سچ مچ) ہم اٹھائے جائیں گے؟
۱۷. کیا ہم سے پہلے کے ہمارے باپ دادا بھی؟
۱۸. آپ جواب دیجئے کہ ہاں ہاں اور تم ذلیل (بھی)۔
۱۹. وہ تو صرف ایک زور کی جھڑکی ہے کہ یکایک یہ دیکھنے لگیں گے۔
۲۰. اور کہیں گے کہ ہائے ہماری خرابی یہی جزا (سزا) کا دن ہے۔
۲۱. یہی فیصلہ کا دن ہے جسے تم جھٹلاتے ہو
۲۲. ظالموں کو اور ان کے ہمراہیوں کو اور (جن) جن کی وہ اللہ کے علاوہ پرستش کرتے تھے۔
۲۳. (ان سب کو) جمع کرکے انہیں دوزخ کی راہ دکھا دو۔
۲۴. اور انہیں ٹھہرا لو، اس لئے کہ ان سے ضروری سوال کیئے جانے والے ہیں۔

مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُونَ ﴿٢٥﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُونَ ﴿٢٦﴾ وَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ

کیا ہے تم کو نہیں تم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو ٣٧:٢٥ بلکہ وہ آج کے دن فرمان بردار ہیں ٣٧:٢٦ اور متوجہ ہوں گے ان میں سے بعض

عَلَىٰ بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٢٧﴾ قَالُوا إِنَّكُمْ كُنتُمْ تَأْتُونَنَا عَنِ الْيَمِينِ ﴿٢٨﴾

پر بعض ایک دوسرے سے سوال کرتے ہوں گے ٣٧:٢٧ کہیں گے بیشک تم تھے تم آتے تم ہمارے پاس سے دائیں جانب ٣٧:٢٨

قَالُوا بَلْ لَمْ تَكُونُوا مُؤْمِنِينَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ ۖ

کہیں گے بلکہ نہ تھے تم ایمان لانے والے ٣٧:٢٩ اور نہ تھا ہمارے لئے تم پر کوئی زور

بَلْ كُنتُمْ قَوْمًا طَاغِينَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ إِنَّا لَذَائِقُونَ ﴿٣١﴾

بلکہ تھے تم قوم سرکشی کرنے والے ٣٧:٣٠ تو سچی ہوگئی ہم پر بات ہمارے رب کی بیشک ہم البتہ چکھنے والے ہیں ٣٧:٣١

فَأَغْوَيْنَاكُمْ إِنَّا كُنَّا غَاوِينَ ﴿٣٢﴾ فَإِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ

تو بہکایا ہم نے تم کو بیشک ہم تھے ہم ہی بہکے ہوئے ٣٧:٣٢ تو بیشک وہ اس دن میں عذاب مشترک ہوں گے

﴿٣٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِينَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا قِيلَ لَهُمْ

٣٧:٣٣ بیشک ہم اسی طرح ہم کریں گے گناہ گاروں کے ساتھ ٣٧:٣٤ بیشک وہ تھے وہ جب کہا جاتا ان سے

لَا إِلَٰهَ إِلَّا اللَّهُ يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٣٥﴾ وَيَقُولُونَ أَئِنَّا لَتَارِكُو آلِهَتِنَا

نہیں کوئی الٰہ برحق سوا اللہ کے وہ تکبر کرتے تھے ٣٧:٣٥ اور وہ کہتے کیا بیشک ہم البتہ چھوڑنے والے ہیں اپنے معبودوں کو

لِشَاعِرٍ مَجْنُونٍ ﴿٣٦﴾ بَلْ جَاءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٣٧﴾ إِنَّكُمْ

کے لئے شاعر مجنون ٣٧:٣٦ بلکہ وہ آیا حق کو لیکر اور اس نے تصدیق کی رسولوں کی ٣٧:٣٧ بیشک تم

لَذَائِقُو الْعَذَابِ الْأَلِيمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ إِلَّا مَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ

البتہ چکھنے والے ہو عذاب کو درد ناک ٣٧:٣٨ اور نہیں تم بدلہ دیئے جاؤ گے مگر جو تھے تم تم عمل کرتے

﴿٣٩﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿٤٠﴾ أُولَٰئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَعْلُومٌ ﴿٤١﴾

٣٧:٣٩ مگر بندوں کے اللہ کے جو چنے ہوئے ہیں ٣٧:٤٠ یہی لوگ ان کے لئے رزق ہے مقررہ ٣٧:٤١

فَوَاكِهُ ۖ وَهُمْ مُكْرَمُونَ ﴿٤٢﴾ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٤٣﴾ عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقَابِلِينَ

پھل ہیں اور وہ عزت سے رکھے جائیں گے ٣٧:٤٢ میں باغات نعمتوں کے ٣٧:٤٣ پر، تختوں آمنے سامنے بیٹھنے والے

﴿٤٤﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَأْسٍ مِنْ مَعِينٍ ﴿٤٥﴾ بَيْضَاءَ لَذَّةٍ لِلشَّارِبِينَ

٣٧:٤٤ پھرائے جائیں گے ان پر ساغر سے شراب کے چشموں ٣٧:٤٥ سفید لذت کا پینے والوں کے لئے

﴿٤٦﴾ لَا فِيهَا غَوْلٌ وَلَا هُمْ عَنْهَا يُنزَفُونَ ﴿٤٧﴾ وَعِندَهُمْ قَاصِرَاتُ

٣٧:٤٦ نہ ہوگی اس میں سر درد اور نہ وہ اس سے عقل زائل کئے جائیں گے ٣٧:٤٧ اور ان کے پاس ہوں گی نیچی رکھنے والیاں

الطَّرْفِ عِينٌ ﴿٤٨﴾ كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَكْنُونٌ ﴿٤٩﴾ فَأَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلَىٰ

نگاہوں کو، خوب صورت آنکھوں والیاں (ہوں گی) ٣٧:٤٨ گویا کہ وہ انڈے ہیں چھپا کر رکھے گئے ٣٧:٤٩ تو متوجہ ہوگا ان میں سے بعض پر

بَعْضٍ يَتَسَاءَلُونَ ﴿٥٠﴾ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ ﴿٥١﴾

بعض ایک دوسرے سے سوال کرتے ہوئے ٣٧:٥٠ کہے گا کہنے والا ان میں سے بیشک میں تھا میرا ایک ساتھی ٣٧:٥١



٢٥. تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ (اس وقت) تم ایک دوسروں کی مدد نہیں کرتے۔
٢٦. بلکہ وہ (سب کے سب) آج فرمانبردار بن گئے۔
٢٧. وہ ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر سوال و جواب کرنے لگیں گے۔
٢٨. کہیں گے کہ تم ہمارے پاس ہماری دائیں طرف سے آتے تھے۔
٢٩. وہ جواب دیں گے کہ نہیں بلکہ تم ہی ایماندار نہ تھے۔
٣٠. اور کچھ ہمارا زور تو تھا (ہی) نہیں، بلکہ تم (خود) سرکش لوگ تھے۔
٣١. اب تو ہم (سب) پر ہمارے رب کی بات ثابت ہوچکی کہ ہم (عذاب) چکھنے والے ہیں۔
٣٢. پس ہم نے تمہیں گمراہ کیا ہم خود گمراہ ہی تھے۔
٣٣. سو اب آج کے دن (سب کے سب) عذاب میں شریک ہیں۔
٣٤. ہم گناہگاروں کے ساتھ اسی طرح کرتے ہیں۔
٣٥. یہ وہ (لوگ) ہیں کہ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو یہ سرکشی کرتے تھے۔
٣٦. اور کہتے تھے کہ کیا ہم اپنے معبودوں کو ایک دیوانے شاعر کی بات پر چھوڑ دیں۔
٣٧. (نہیں نہیں) بلکہ (نبی) تو حق (سچا دین) لائے ہیں اور سب رسولوں کو سچا جانتے ہیں۔
٣٨. یقیناً تم دردناک عذاب (کا مزہ) چکھنے والے ہو۔
٣٩. تمہیں اسکا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔
٤٠. مگر اللہ تعالٰی کے خالص برگزیدہ بندے۔
٤١. انہیں کے لئے مقررہ روزی ہے۔
٤٢. (ہر طرح) کے میوے، اور باعزت و اکرام ہونگے۔
٤٣. نعمتوں والی جنتوں میں۔
٤٤. تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے (بیٹھے) ہوں گے۔
٤٥. جاری شراب کے جام کا ان پر دور چل رہا ہوگا۔
٤٦. جو صاف شفاف اور پینے میں لذیذ ہوگی۔
٤٧. نہ اس سے درد ہوگا اور نہ اسکے پینے سے بہکیں گے۔
٤٨. اور ان کے پاس نیچی نظروں، بڑی بڑی آنکھوں والی (حوریں) ہونگی۔
٤٩. ایسی جیسے چھپائے ہوئے انڈے۔
٥٠. جنتی) ایک دوسرے کی طرف رخ کرکے پوچھیں گے۔
٥١. ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ میرا ایک ساتھی تھا

يَقُولُ أَءِنَّكَ لَمِنَ ٱلْمُصَدِّقِينَ ﴿٥٢﴾ أَءِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا
وہ کہا کرتا تھا | کیا بیشک تم | البتہ میں سے ہو | تصدیق کرنے والوں | ۳۷:۵۲ | کیا جب | ہم مرجائیں گے | اور ہوجائیں گے | مٹی | اور ہڈیاں | کیا بیشک ہم

لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ أَنتُم مُّطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾ فَٱطَّلَعَ فَرَءَاهُ فِى سَوَآءِ
البتہ جزا دیئے جانے والے ہیں | ۳۷:۵۳ | کہا | کیا | تم | جھانکنا چاہتے ہو | ۳۷:۵۴ | تو وہ جھانکے گا | تو دیکھے گا اس کو | میں | بیچ

ٱلْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾ قَالَ تَٱللَّهِ إِن كِدتَّ لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّى
جہنم کے | ۳۷:۵۵ | بولے گا | قسم اللہ کی بیشک | قریب تھا | البتہ تو ہلاکت میں ڈالتا مجھ کو | ۳۷:۵۶ | اگر نہ ہوتی | نعمت | میرے رب کی

لَكُنتُ مِنَ ٱلْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾ إِلَّا مَوْتَتَنَا
البتہ میں ہوتا | سے | حاضر کیے جانے والوں میں (سے) | ۳۷:۵۷ | کیا بھلا نہیں | ہم ہیں | مرنے والے | ۳۷:۵۸ | مگر | ہماری موت

ٱلْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾
جو پہلے آچکی | اور نہیں | ہم | عذاب دیئے جانے والے | ۳۷:۵۹ | بیشک | یہ | البتہ وہی | کامیابی ہے | بہت بڑی | ۳۷:۶۰

لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ ٱلْعَٰمِلُونَ ﴿٦١﴾ أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ
کے لئے (ایسی کامیابی کے لیے) | اس جیسی | پس چاہیے کہ عمل کریں | عمل کرنے والے | ۳۷:۶۱ | کیا یہ | بہتر ہے | ازروئے مہمانی کے | یا | درخت

ٱلزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾ إِنَّا جَعَلْنَٰهَا فِتْنَةً لِّلظَّٰلِمِينَ ﴿٦٣﴾ إِنَّهَا شَجَرَةٌ
زقوم کا | ۳۷:۶۲ | بیشک ہم نے | بنایا ہم نے اس کو | ایک فتنہ | ظالموں کے لئے | ۳۷:۶۳ | بیشک وہ | ایک درخت ہے

تَخْرُجُ فِىٓ أَصْلِ ٱلْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَأَنَّهُۥ رُءُوسُ ٱلشَّيَٰطِينِ
جو نکلتا ہے | سے | جڑ | جہنم کی | ۳۷:۶۴ | خوشے اس کے | گویا کہ وہ | سر ہیں | شیطانوں کے

﴿٦٥﴾ فَإِنَّهُمْ لَءَاكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِـُٔونَ مِنْهَا ٱلْبُطُونَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ
۳۷:۶۵ | پس بیشک وہ | البتہ کھانے والے ہیں | اس سے | پھر بھرنے والے ہیں | اس سے | پیٹوں کو | ۳۷:۶۶ | پھر | بیشک | ان کے لئے

عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى ٱلْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾
اس کے اوپر | البتہ ملاوٹ ہوگی | سے | کھولتے پانی | ۳۷:۶۷ | پھر | بیشک | ان کا لوٹنا | البتہ طرف | جہنم کی (طرف) | ۳۷:۶۸

إِنَّهُمْ أَلْفَوْا۟ ءَابَآءَهُمْ ضَآلِّينَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِمْ يُهْرَعُونَ ﴿٧٠﴾
بیشک انہوں نے | پایا | اپنے آباؤ اجداد کو | بھٹکے ہوئے | ۳۷:۶۹ | تو وہ | اوپر | ان کے نقش قدم کے | دوڑے چلے جاتے تھے | ۳۷:۷۰

وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ أَكْثَرُ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا فِيهِم
اور البتہ تحقیق | بھٹک گئے | ان سے قبل | بہت سے | پہلوں میں سے | ۳۷:۷۱ | اور البتہ تحقیق | بھیجا ہم نے | ان میں

مُّنذِرِينَ ﴿٧٢﴾ فَٱنظُرْ كَيْفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلْمُنذَرِينَ ﴿٧٣﴾
ڈرانے والوں کو | ۳۷:۷۲ | تو دیکھ | کس طرح | ہوا | انجام | ڈرائے جانے والوں کا | ۳۷:۷۳

إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادَىٰنَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ
سوائے | بندوں کے | اللہ کے | جو چنے ہوئے ہیں | ۳۷:۷۴ | اور البتہ تحقیق | پکارا ہم کو | نوح نے | پس البتہ کتنے اچھے ہیں

ٱلْمُجِيبُونَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيْنَٰهُ وَأَهْلَهُۥ مِنَ ٱلْكَرْبِ ٱلْعَظِيمِ ﴿٧٦﴾
جواب دینے والے | ۳۷:۷۵ | اور نجات دی ہم نے اس کو | اور اس کے گھر والوں کو | سے | کرب | عظیم | ۳۷:۷۶

٥٢. جو (مجھ سے) کہا کرتا تھا کیا تو (قیامت کے آنے کا) یقین کرنے والوں سے ہے ؟-

٥٣. کیا جب ہم مر کر مٹی اور ہڈی ہوجائیں گے کیا اسوقت ہم جزا دیئے جانے والے ہیں ؟-

٥٤. کہے گا تم چاہتے ہو کہ جھانک کر دیکھ لو ؟-

٥٥. جھانکتے ہی اسے بیچوں بیچ جہنم میں (جلتا ہوا) دیکھے گا۔

٥٦. کہے گا واللہ! قریب تھا کہ مجھے (بھی) برباد کردے۔

٥٧. اگر میرے رب کا احسان نہ ہوتا تو میں بھی دوزخ میں حاضر کئے جانے والوں میں ہوتا

٥٨. کیا (یہ صحیح ہے) ہم مرنے والے ہی نہیں ؟

٥٩. بجز پہلی ایک موت کے، اور ہم نہ عذاب کیے جانے والے ہیں۔

٦٠. پھر تو (ظاہر بات ہے کہ) یہ بڑی کامیابی ہے

٦١. ایسی (کامیابی) کے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے۔

٦٢. کیا یہ مہمانی اچھی ہے یا زقوم کا درخت

٦٣. جسے ہم نے ظالموں کے لئے سخت آزمائش بنا رکھا ہے-

٦٤. بیشک وہ درخت جہنم کی جڑ میں سے نکلتا ہے-

٦٥. جسکے خوشے شیطانوں کے سروں جیسے ہوتے ہیں۔

٦٦. (جہنمی) اسی درخت میں سے کھائیں گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے۔

٦٧. پھر اس پر گرم کھولتا ہوا پانی پلایا جائیگا-

٦٨. پھر ان سب کا لوٹنا جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ کی طرف ہوگا۔

٦٩. یقین مانو! کہ انہوں نے اپنے باپ دادا کو بہکایا ہوا پایا۔

٧٠. یہ انہی کے نشان قدم پر دوڑتے رہے-

٧١. ان سے پہلے بھی بہت سے اگلے بہک چکے ہیں-

٧٢. جن میں ہم نے ڈرانے والے (رسول) بھیجے تھے-

٧٣. اب تو دیکھ لے کہ جنہیں دھمکایا گیا تھا ان کا انجام کیسا ہوا

٧٤. سوائے اللہ کے برگزیدہ بندوں کے

٧٥. اور ہمیں نوح (علیہ السلام) نے پکارا تو (دیکھ لو) ہم کیسے اچھے دعا قبول کرنے والے ہیں۔

٧٦. ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو اس زبردست مصیبت سے بچا لیا۔

وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُۥ هُمُ ٱلْبَاقِينَ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِى ٱلْـَٔاخِرِينَ ﴿٧٨﴾ سَلَٰمٌ

اور رکھا ہم نے | اس کی نسل کو | وہی | باقی رہنے والی | ۳۷:۷۷ | اور چھوڑ دیا ہم نے | اس پر | میں | بعد والوں | ۳۷:۷۸ | سلام ہے

عَلَىٰ نُوحٍ فِى ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٧٩﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِى ٱلْمُحْسِنِينَ ﴿٨٠﴾ إِنَّهُۥ

پر | نوح | میں | جہان والوں | ۳۷:۷۹ | بیشک ہم | اس طرح | ہم جزا دیتے ہیں | احسان کرنے والوں کو | ۳۷:۸۰ | بیشک وہ

مِنْ عِبَادِنَا ٱلْمُؤْمِنِينَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ أَغْرَقْنَا ٱلْـَٔاخَرِينَ ﴿٨٢﴾ ۞ وَإِنَّ مِن

(٣/٤ الحزب ٤٥)

میں سے تھا | ہمارے بندوں | مومن | ۳۷:۸۱ | پھر | غرق کیا ہم نے | دوسروں کو | ۳۷:۸۲ | اور بیشک | میں سے

شِيعَتِهِۦ لَإِبْرَٰهِيمَ ﴿٨٣﴾ إِذْ جَآءَ رَبَّهُۥ بِقَلْبٍ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾ إِذْ قَالَ

اس کے گروہ | البتہ ابراہیم تھے | ۳۷:۸۳ | جب وہ | آئے | اپنے رب کے پاس | دل کے ساتھ | سلامت | ۳۷:۸۴ | جب | کہا اس نے

لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِۦ مَاذَا تَعْبُدُونَ ﴿٨٥﴾ أَئِفْكًا ءَالِهَةً دُونَ ٱللَّهِ تُرِيدُونَ

اپنے باپ سے | اور اپنی قوم سے | کس کی | تم عبادت کرتے ہو | ۳۷:۸۵ | کیا گھڑے ہوئے | معبودوں کو | سوا | اللہ کے | تم چاہتے ہو

﴿٨٦﴾ فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِى ٱلنُّجُومِ ﴿٨٨﴾

۳۷:۸۶ | تو کیا | گمان تمہارا | کے ساتھ رب | العالمین | ۳۷:۸۷ | تو اس نے دیکھا | ایک بار دیکھنا | طرف | ستاروں کی | ۳۷:۸۸

فَقَالَ إِنِّى سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا۟ عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾ فَرَاغَ إِلَىٰٓ ءَالِهَتِهِمْ

تو کہا | بیشک میں | بیمار ہوں | ۳۷:۸۹ | تو وہ چلے گئے | اس سے | پیٹھ پھیرتے ہوئے | ۳۷:۹۰ | تو وہ چپکے سے گیا | طرف | ان کے الٰہوں کے

فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنطِقُونَ ﴿٩٢﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًۢا

پھر کہا | کیا تم | کھاتے نہیں ہو | ۳۷:۹۱ | کیا ہے | تم کو | نہیں | تم بولتے ہو | ۳۷:۹۲ | پھر پلٹا | ان پر | ضرب لگاتے ہوئے

بِٱلْيَمِينِ ﴿٩٣﴾ فَأَقْبَلُوٓا۟ إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾ قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ

دائیں ہاتھ سے | ۳۷:۹۳ | تو وہ متوجہ ہوئے | اس کی طرف | دوڑتے ہوئے | ۳۷:۹۴ | کہا، | کیا تم عبادت کرتے ہو | ان کی | جن کو تم تراشتے ہو

﴿٩٥﴾ وَٱللَّهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾ قَالُوا۟ ٱبْنُوا۟ لَهُۥ بُنْيَٰنًا فَأَلْقُوهُ

۳۷:۹۵ | اور اللہ نے | پیدا کیا تم کو | اور اسے | جو تم بناتے ہو | ۳۷:۹۶ | انہوں نے کہا، | بناؤ | اس کے لئے | ایک عمارت | پھر ڈالو اس کو

فِى ٱلْجَحِيمِ ﴿٩٧﴾ فَأَرَادُوا۟ بِهِۦ كَيْدًا فَجَعَلْنَٰهُمُ ٱلْأَسْفَلِينَ ﴿٩٨﴾

میں | دہکتی آگ | ۳۷:۹۷ | تو انہوں نے ارادہ کیا | اس کے ساتھ | چال چلنے کا | تو کردیا ہم نے ان کو | سب سے نچلے | ۳۷:۹۸

وَقَالَ إِنِّى ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّى سَيَهْدِينِ ﴿٩٩﴾ رَبِّ هَبْ لِى مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ

اور اس نے کہا | بیشک میں | جانے والا ہوں | طرف | اپنے رب کی | عنقریب وہ رہنمائی کرے گا میری | ۳۷:۹۹ | اے میرے رب | عطا کر | مجھ کو | سے | صالحین میں (سے)

﴿١٠٠﴾ فَبَشَّرْنَٰهُ بِغُلَٰمٍ حَلِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ ٱلسَّعْىَ قَالَ يَٰبُنَىَّ

۳۷:۱۰۰ | تو خوش خبری دی ہم نے اس کو | لڑکے کی | بردبار | ۳۷:۱۰۱ | پھر جب | وہ پہنچا | اس کے ساتھ | دوڑ دھوپ کو | کہا | اے میرے بچے

إِنِّىٓ أَرَىٰ فِى ٱلْمَنَامِ أَنِّىٓ أَذْبَحُكَ فَٱنظُرْ مَاذَا تَرَىٰ ۚ قَالَ يَٰٓأَبَتِ

بیشک میں نے | دیکھا ہے | میں | خواب | کہ میں | میں ذبح کررہا ہوں تجھ کو | تو دیکھ | کیا کچھ | تو دیکھتا ہے | کہا | اے ابا جان

ٱفْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۖ سَتَجِدُنِىٓ إِن شَآءَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿١٠٢﴾

کیجئے | جو | آپ حکم دیئے گئے ہیں | عنقریب آپ پائیں گے مجھ کو | اگر | چاہا | اللہ نے | میں سے | صبر کرنے والوں | ۳۷:۱۰۲

٧٧. اور اس کی اولاد کو باقی رہنے والی بنا دی۔
٧٨. اور ہم نے اس کا (ذکر خیر) پچھلوں میں باقی رکھا۔
٧٩. نوح (علیہ السلام) پر تمام جہانوں میں سلام ہو۔
٨٠. ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔
٨١. وہ ہمارے ایماندار بندوں میں سے تھا۔
٨٢. پھر ہم نے دوسروں کو ڈبو دیا۔
٨٣. اور اس (نوح علیہ السلام) کی تابعداری کرنے والوں میں سے (ہی) ابراہیم (علیہ السلام) (بھی) تھے۔
٨٤. جبکہ اپنے رب کے پاس بے عیب دل لائے۔
٨٥. انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کیا پوج رہے ہو؟
٨٦. کیا تم اللہ کے سوا گھڑے ہوئے معبود چاہتے ہو؟-
٨٧. تو یہ (بتلاؤ کہ) تم نے رب العالمین کو کیا سمجھ رکھا ہے؟-
٨٨. اب ابراہیم (علیہ السلام) نے ایک نگاہ ستاروں کی طرف اٹھائی۔
٨٩. اور کہا میں بیمار ہوں۔
٩٠. اس پر سب اس سے منہ موڑے ہوئے واپس چلے گئے۔
٩١. آپ (چپ چپاتے) ان کے معبودوں کے پاس گئے اور فرمانے لگے تم کھاتے کیوں نہیں؟-
٩٢. تمہیں کیا ہوگیا بات نہیں کرتے ہو۔
٩٣. پھر تو (پوری قوت کے ساتھ) دائیں ہاتھ سے انہیں مارنے پر پل پڑے۔
٩٤. وہ (بت پرست) دوڑے بھاگے آپ کی طرف متوجہ ہوئے۔
٩٥. تو آپ نے فرمایا تم انہیں پوجتے ہو جنہیں (خود) تم تراشتے ہو
٩٦. حالانکہ تمہیں اور تمہاری بنائی ہوئی چیزوں کو اللہ ہی نے پیدا کیا ہے۔
٩٧. وہ کہنے لگے اس کے لئے ایک مکان بناؤ اور اس (ہوئی) آگ میں ڈال دو۔
٩٨. انہوں نے تو اس (ابراہیم علیہ السلام) کے ساتھ مکر کرنا چاہا لیکن ہم نے انہیں کو نیچا کر دیا۔
٩٩. اپنے پروردگار کی طرف جانے والا ہوں وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا۔
١٠٠. اے میرے رب! مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما۔
١٠١. تو ہم نے اسے ایک بردبار بچے کی بشارت دی۔
١٠٢. پھر جب وہ (بچہ) اتنی عمر کو پہنچا کہ اس کے ساتھ چلے پھرے، تو اس (ابراہیم علیہ السلام) نے کہا کہ میرے پیارے بچے! میں خواب میں اپنے آپ کو تجھے ذبح کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ اب تو بتا کہ تیری کیا رائے ہے؟ بیٹے نے جواب دیا کہ ابا! جو حکم ہوا ہے اسے بجا لائیے ان شاء اللہ آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔

فَلَمَّآ أَسۡلَمَا وَتَلَّهُۥ لِلۡجَبِينِ ١٠٣ وَنَٰدَيۡنَٰهُ أَن يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ ١٠٤
پھر جب وہ دونوں مطیع ہوگئے اور گرادیا اس کو پیشانی کے بل ٣٧:١٠٣ اور پکارا ہم نے اس کو کہ اے ابراہیم ٣٧:١٠٤

قَدۡ صَدَّقۡتَ ٱلرُّءۡيَآۚ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ١٠٥ إِنَّ
تحقیق تونے سچ کر دکھایا خواب کو بیشک ہم اسی طرح ہم جزا دیتے ہیں احسان کرنے والوں کو ٣٧:١٠٥ بیشک

هَٰذَا لَهُوَ ٱلۡبَلَٰٓؤُاْ ٱلۡمُبِينُ ١٠٦ وَفَدَيۡنَٰهُ بِذِبۡحٍ عَظِيمٖ ١٠٧ وَتَرَكۡنَا
یہ البتہ وہ آزمائش تھی کھلی ٣٧:١٠٦ اور ہم نے اس کو فدیہ میں دیا ساتھ ایک قربانی کے بڑی ٣٧:١٠٧ اور چھوڑ دیا ہم نے

عَلَيۡهِ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ١٠٨ سَلَٰمٌ عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ ١٠٩ كَذَٰلِكَ نَجۡزِي
اس پر میں بعدوالوں ٣٧:١٠٨ سلام ہے اوپر ابراہیم کے ٣٧:١٠٩ اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں

ٱلۡمُحۡسِنِينَ ١١٠ إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١١١ وَبَشَّرۡنَٰهُ
احسان کرنے والوں کو ٣٧:١١٠ بیشک وہ سے ہمارے بندوں میں سے تھا مومن ٣٧:١١١ اور خوش خبری دی ہم نے اس کو

بِإِسۡحَٰقَ نَبِيّٗا مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١١٢ وَبَٰرَكۡنَا عَلَيۡهِ وَعَلَىٰٓ إِسۡحَٰقَۚ
اسحاق سے نبی کے طور پر سے نیکو کاروں میں سے ٣٧:١١٢ اور برکت ڈالی ہم نے اس پر اور پر اسحاق

وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا مُحۡسِنٞ وَظَالِمٞ لِّنَفۡسِهِۦ مُبِينٞ ١١٣ وَلَقَدۡ مَنَنَّا
اور، سے اور ان دونوں کی اولاد میں (سے) کوئی محسن ہے اور کوئی ظالم ہے اپنے نفس کے لئے کھلم کھلا ٣٧:١١٣ اور البتہ تحقیق ہم نے احسان کیا

عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ١١٤ وَنَجَّيۡنَٰهُمَا وَقَوۡمَهُمَا مِنَ ٱلۡكَرۡبِ
پر موسیٰ اور ہارون پر ٣٧:١١٤ اور نجات دی ہم نے ان دونوں کو اور ان دونوں کی قوم کو سے کرب

ٱلۡعَظِيمِ ١١٥ وَنَصَرۡنَٰهُمۡ فَكَانُواْ هُمُ ٱلۡغَٰلِبِينَ ١١٦ وَءَاتَيۡنَٰهُمَا
عظیم ٣٧:١١٥ اور ہم نے مدد کی ان کی پھر تھے وہی غالب آنے والے ٣٧:١١٦ اور دی ہم نے ان کو

ٱلۡكِتَٰبَ ٱلۡمُسۡتَبِينَ ١١٧ وَهَدَيۡنَٰهُمَا ٱلصِّرَٰطَ ٱلۡمُسۡتَقِيمَ
کتاب روشن ٣٧:١١٧ اور ہدایت دی ہم نے ان دونوں کو راستے کی سیدھے

١١٨ وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِمَا فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ١١٩ سَلَٰمٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ
٣٧:١١٨ اور باقی رکھا ہم نے ان دونوں پر (ذکر خیر) میں بعدوالوں ٣٧:١١٩ سلام ہو پر موسیٰ کے

وَهَٰرُونَ ١٢٠ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ١٢١ إِنَّهُمَا
اور ہارون کے ٣٧:١٢٠ یقیناً ہم اسی طرح ہم بدلہ دیتے ہیں محسنین کو ٣٧:١٢١ بیشک وہ دونوں

مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١٢٢ وَإِنَّ إِلۡيَاسَ لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ١٢٣
میں سے تھے ہمارے بندوں مومن ٣٧:١٢٢ اور بیشک الیاس البتہ میں سے رسولوں (میں سے) تھے ٣٧:١٢٣

إِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهِۦٓ أَلَا تَتَّقُونَ ١٢٤ أَتَدۡعُونَ بَعۡلٗا وَتَذَرُونَ أَحۡسَنَ
جب اس نے کہا اپنی قوم سے کیا تم ڈرتے نہیں ہو ٣٧:١٢٤ کیا تم پکارتے ہو بعل کو اور تم چھوڑ دیتے ہو سب سے بہتر

ٱلۡخَٰلِقِينَ ١٢٥ ٱللَّهَ رَبَّكُمۡ وَرَبَّ ءَابَآئِكُمُ ٱلۡأَوَّلِينَ ١٢٦
خالق ٣٧:١٢٥ اللہ تعالیٰ کو جو رب ہے تمہارا اور رب ہے باپ دادوں کا تمہارے پہلوں کا ٣٧:١٢٦



١٠٣. اس کو (بیٹے کو) پیشانی کے بل گرا دیا۔
١٠٤. تو ہم نے آواز دی کہ اے ابراہیم!۔
١٠٥. یقیناً تو نے اپنے خواب کو سچا کر دکھایا، بیشک ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں۔
١٠٦. درحقیقت یہ کھلا امتحان تھا۔
١٠٧. اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اس کے فدیہ میں دے دیا۔
١٠٨. اور ہم نے ان کا ذکر خیر پچھلوں میں باقی رکھا۔
١٠٩. ابراہیم (علیہ السلام) پر سلام ہو۔
١١٠. ہم نیکوکاروں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔
١١١. بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھا۔
١١٢. اور ہم نے اس کو نبی کے طور پر اسحاق کی بشارت دی جو صالح لوگوں میں سے ہوگا۔
١١٣. اور ہم نے ابراہیم و اسحاق (علیہما السلام) پر برکتیں نازل فرمائیں اور ان دونوں کی اولاد میں بعضے تو نیک بخت اور بعض اپنے نفس پر صریح ظلم کرنے والے ہیں۔
١١٤. یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر بڑا احسان کیا۔
١١٥. اور انہیں اور ان کی قوم کو بہت بڑے دکھ درد سے نجات دی۔
١١٦. اور ان کی مدد کی تو وہی غالب رہے۔
١١٧. اور ہم نے انہیں (واضح اور) روشن کتاب دی۔
١١٨. اور انہیں سیدھے راستے پر قائم رکھا۔
١١٩. اور ہم نے ان دونوں کے لئے پیچھے آنے والوں میں یہ بات باقی رکھی۔
١٢٠. کہ موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر سلام ہو۔
١٢١. بیشک ہم نیک لوگوں کو اسی طرح بدلہ دیا کرتے ہیں۔
١٢٢. یقیناً دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔
١٢٣. بیشک الیاس (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے۔
١٢٤. جب کہ انہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم اللہ سے ڈرتے نہیں ہو؟۔
١٢٥. کیا تم بعل (نامی بت) کو پکارتے ہو؟ اور سب سے بہتر خالق کو چھوڑ دیتے ہو؟
١٢٦. اللہ جو تمہارے اگلے تمام باپ دادوں کا رب ہے۔

فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿١٢٧﴾ إِلَّا عِبَادَ اللَّهِ الْمُخْلَصِينَ ﴿١٢٨﴾
تو انہوں نے جھٹلایا اس کو  تو بیشک وہ  ضرور حاضر کئے جائیں گے  ۳۷:۱۲۷  سوائے  بندے  اللہ کے  جو چنے ہوئے ہیں  ۳۷:۱۲۸

وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْآخِرِينَ ﴿١٢٩﴾ سَلَامٌ عَلَىٰ إِلْ يَاسِينَ ﴿١٣٠﴾ إِنَّا
اور چھوڑا ہم نے  اس پر  میں (اچھا نام)  بعد والوں  ۳۷:۱۲۹  سلام ہو  اوپر  الیاسین کے  ۳۷:۱۳۰  بیشک ہم

كَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ﴿١٣١﴾ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِينَ
اسی طرح  ہم بدلہ دیتے ہیں  محسنین کو  ۳۷:۱۳۱  بیشک وہ  میں سے تھے  ہمارے بندوں  مومن

﴿١٣٢﴾ وَإِنَّ لُوطًا لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٣﴾ إِذْ نَجَّيْنَاهُ وَأَهْلَهُ أَجْمَعِينَ
۳۷:۱۳۲  اور بیشک  لوط  البتہ میں سے  رسولوں (میں سے) تھے  ۳۷:۱۳۳  جب  نجات دی ہم نے اس کو  اور اس کے گھر والوں کو  سب کے سب کو

﴿١٣٤﴾ إِلَّا عَجُوزًا فِي الْغَابِرِينَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْآخَرِينَ ﴿١٣٦﴾ وَإِنَّكُمْ
۳۷:۱۳۴  مگر  ایک بڑھیا  میں سے تھی  جو پیچھے رہ جانے والوں  ۳۷:۱۳۵  پھر  تباہ کردیا ہم نے  دوسروں کو  ۳۷:۱۳۶  اور بیشک تم

لَتَمُرُّونَ عَلَيْهِمْ مُصْبِحِينَ ﴿١٣٧﴾ وَبِاللَّيْلِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٣٨﴾ وَإِنَّ
البتہ تم گزرتے ہو  ان پر  صبح کرتے ہوئے  ۳۷:۱۳۷  اور رات کو  کیا تم  عقل نہیں رکھتے ہو  ۳۷:۱۳۸  اور بیشک

يُونُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٣٩﴾ إِذْ أَبَقَ إِلَى الْفُلْكِ الْمَشْحُونِ ﴿١٤٠﴾
یونس  البتہ میں سے تھے  رسولوں  ۳۷:۱۳۹  جب وہ بھاگ گئے  طرف  کشتی کی  جو بھری ہوئی تھی  ۳۷:۱۴۰

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِينَ ﴿١٤١﴾ فَالْتَقَمَهُ الْحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٌ
تو قرعہ ڈالا  پھر وہ ہوگئے  میں سے  پھسلائے جانے والوں  ۳۷:۱۴۱  تو لقمہ بنالیا اس کا  مچھلی نے  اور وہ  ملامت کرنے والے تھے (خود کو)

﴿١٤٢﴾ فَلَوْلَا أَنَّهُ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِينَ ﴿١٤٣﴾ لَلَبِثَ فِي بَطْنِهِ إِلَىٰ يَوْمِ
۳۷:۱۴۲  پھر اگر نہ ہوتا ایسا  بیشک  وہ ہوگئے  میں سے  تسبیح کرنے والوں  ۳۷:۱۴۳  البتہ وہ ٹھہرے رہتے  میں (مچھلی کے)  اس کے پیٹ  تک  اس دن

يُبْعَثُونَ ﴿١٤٤﴾ ۞ فَنَبَذْنَاهُ بِالْعَرَاءِ وَهُوَ سَقِيمٌ ﴿١٤٥﴾ وَأَنْبَتْنَا
جب سب اٹھائے جائیں گے  ۳۷:۱۴۴  تو ہم نے پھینک دیا اس کو  چٹیل زمین پر  اور وہ  بیمار تھے  ۳۷:۱۴۵  اور اگائی ہم نے

الحزب ٤٦

عَلَيْهِ شَجَرَةً مِنْ يَقْطِينٍ ﴿١٤٦﴾ وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَىٰ مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ
اس پر  ایک بیل  میں سے  کدو کی  ۳۷:۱۴۶  اور بھیجا ہم نے اس کو  طرف  سو  ہزار کے (ایک لاکھ)  یا

يَزِيدُونَ ﴿١٤٧﴾ فَآمَنُوا فَمَتَّعْنَاهُمْ إِلَىٰ حِينٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ
زیادہ  ۳۷:۱۴۷  تو وہ ایمان لے آئے  تو ہم نے فائدہ دیا ان کو  تک  ایک وقت  ۳۷:۱۴۸  پس پوچھو ان سے

أَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُونَ ﴿١٤٩﴾ أَمْ خَلَقْنَا الْمَلَائِكَةَ إِنَاثًا
کیا تیرے رب کے لئے  بیٹیاں ہیں  اور ان کے لئے ہیں  بیٹے  ۳۷:۱۴۹  یا  بنایا ہم نے  فرشتوں کو  عورتیں

وَهُمْ شَاهِدُونَ ﴿١٥٠﴾ أَلَا إِنَّهُمْ مِنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ
اور وہ  گواہ ہیں  ۳۷:۱۵۰  خبردار بیشک  وہ  سے  اپنے جھوٹ  البتہ وہ کہتے ہیں  ۳۷:۱۵۱  جنم دیا

اللَّهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿١٥٢﴾ أَصْطَفَى الْبَنَاتِ عَلَى الْبَنِينَ ﴿١٥٣﴾
اللہ نے  اور بیشک وہ  البتہ جھوٹے ہیں  ۳۷:۱۵۲  کیا اس نے چن لیا  بیٹیوں کو  پر  بیٹوں  ۳۷:۱۵۳



۱۲۷. لیکن قوم نے انہیں جھٹلایا، پس وہ ضرور (عذاب میں) حاضر رکھے جائیں گے۔
۱۲۸. سوائے اللہ تعالیٰ کے مخلص بندوں کے۔
۱۲۹. ہم نے الیاس (علیہ السلام) کا ذکر خیر پچھلوں میں بھی باقی رکھا۔
۱۳۰. کہ الیاس پر سلام ہو۔
۱۳۱. ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح بدلہ دیتے ہیں۔
۱۳۲. بیشک وہ ہمارے ایمان دار بندوں میں سے تھے۔
۱۳۳. بیشک لوط (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے۔
۱۳۴. ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو سب کو نجات دی۔
۱۳۵. بجز اس بڑھیا کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں رہ گئی۔
۱۳۶. پھر ہم نے اوروں کو ہلاک کر دیا۔
۱۳۷. اور تم تو صبح ہونے پر ان کی بستیوں کے پاس سے گزرتے ہو۔
۱۳۸. اور رات کو بھی، کیا پھر بھی نہیں سمجھتے؟۔
۱۳۹. اور بلاشبہ یونس (علیہ السلام) نبیوں میں سے تھے۔
۱۴۰. جب بھاگ کر پہنچے بھری کشتی پر۔
۱۴۱. پھر قرعہ اندازی ہوئی تو یہ مغلوب ہوگئے۔
۱۴۲. تو پھر انہیں مچھلی نے نگل لیا اور وہ خود اپنے آپ کو ملامت کرنے لگ گئے۔
۱۴۳. پس اگر یہ پاکی بیان کرنے والوں میں سے نہ ہوتے۔
۱۴۴. تو لوگوں کے اٹھائے جانے کے دن تک اس کے پیٹ میں ہی رہتے۔
۱۴۵. پس انہیں ہم نے چٹیل میدان میں ڈال دیا اور وہ اس وقت بیمار تھے۔
۱۴۶. اور ان پر سایہ کرنے والا ایک بیل دار درخت ہم نے اگا دیا۔
۱۴۷. اور ہم نے انہیں ایک لاکھ بلکہ اور زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجا۔
۱۴۸. پس وہ ایمان لائے اور ہم نے انہیں ایک زمانہ تک عیش و عشرت دی۔
۱۴۹. ان سے دریافت کیجئے! کہ کیا آپ کے رب کی بیٹیاں ہیں اور ان کے بیٹے ہیں؟
۱۵۰. یا یہ اس وقت موجود تھے جبکہ ہم نے فرشتوں کو مؤنث پیدا کیا۔
۱۵۱. آگاہ رہو! کہ یہ لوگ صرف اپنی بہتان پروازی سے کہہ رہے ہیں۔
۱۵۲. کہ اللہ تعالیٰ کی اولاد ہے۔ یقیناً یہ محض جھوٹے ہیں۔
۱۵۳. کیا اللہ تعالیٰ نے اپنے لئے بیٹیوں کو بیٹوں پر ترجیح دی۔

مَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُونَ ﴿١٥٤﴾ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٥﴾ أَمْ لَكُمْ سُلْطَٰنٌ مُّبِينٌ ﴿١٥٦﴾
کیا ہے | تم کو | کیسے | تم فیصلے کرتے ہو | ۳۷:۱۵۴ | کیا بھلا نہیں | تم نصیحت پکڑو گے | ۳۷:۱۵۵ | یا | تمہارے لئے | کوئی دلیل ہے | کھلی | ۳۷:۱۵۶

فَأْتُوا بِكِتَٰبِكُمْ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ﴿١٥٧﴾ وَجَعَلُوا بَيْنَهُۥ وَبَيْنَ ٱلْجِنَّةِ
پس لے آؤ | اپنی کتاب کو | اگر | ہو تم | سچے | ۳۷:۱۵۷ | اور انہوں نے بنا رکھا ہے | اس کے درمیان | اور درمیان | جنوں کے

نَسَبًا وَلَقَدْ عَلِمَتِ ٱلْجِنَّةُ إِنَّهُمْ لَمُحْضَرُونَ ﴿١٥٨﴾ سُبْحَٰنَ ٱللَّهِ عَمَّا
ایک ناطہ | اور البتہ تحقیق | جان لیا ہے | جنوں نے | بیشک وہ | حاضر کئے جائیں گے | ۳۷:۱۵۸ | پاک ہے | اللہ | اس سے جو وہ

يَصِفُونَ ﴿١٥٩﴾ إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ ﴿١٦٠﴾ فَإِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ ﴿١٦١﴾
بیان کرتے ہیں | ۳۷:۱۵۹ | سوائے | بندے | اللہ کے | جو چنے ہوئے ہیں | ۳۷:۱۶۰ | پس بیشک تم سب | اور جن کی | تم عبادت کرتے ہو | ۳۷:۱۶۱

مَآ أَنتُمْ عَلَيْهِ بِفَٰتِنِينَ ﴿١٦٢﴾ إِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ ٱلْجَحِيمِ ﴿١٦٣﴾ وَمَا مِنَّآ إِلَّا
نہیں | تم | اس کے | خلاف بہکانے والے | ۳۷:۱۶۲ | مگر | اس کو جو ہے | وہ | داخل ہونے والا | جہنم میں | ۳۷:۱۶۳ | اور نہیں | ہم میں سے کوئی | مگر

لَهُۥ مَقَامٌ مَّعْلُومٌ ﴿١٦٤﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ ٱلصَّآفُّونَ ﴿١٦٥﴾ وَإِنَّا لَنَحْنُ ٱلْمُسَبِّحُونَ
اس کے لئے | مقام ہے | معلوم مقرر | ۳۷:۱۶۴ | اور بیشک ہم | البتہ ہم | صف بنانے والے ہیں | ۳۷:۱۶۵ | اور بیشک ہم | البتہ ہم ہی | تسبیح کرنے والے ہیں

﴿١٦٦﴾ وَإِن كَانُوا لَيَقُولُونَ ﴿١٦٧﴾ لَوْ أَنَّ عِندَنَا ذِكْرًا مِّنَ ٱلْأَوَّلِينَ ﴿١٦٨﴾ لَكُنَّا
۳۷:۱۶۶ | اور بیشک | تھے وہ | البتہ کہتے | ۳۷:۱۶۷ | اگر | بیشک | ہمارے پاس | نصیحت ہوتی | میں سے | پہلوں | ۳۷:۱۶۸ | البتہ ہوتے ہم

عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلْمُخْلَصِينَ ﴿١٦٩﴾ فَكَفَرُوا بِهِۦ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿١٧٠﴾ وَلَقَدْ
بندے | اللہ کے | چنے ہوئے | ۳۷:۱۶۹ | تو انہوں نے کفر کیا | ساتھ اس کے | تو عنقریب وہ | جان لیں گے | ۳۷:۱۷۰ | اور البتہ تحقیق

سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿١٧١﴾ إِنَّهُمْ لَهُمُ ٱلْمَنصُورُونَ ﴿١٧٢﴾
پہلے گزر چکی ہے | بات ہماری | ہمارے بندوں کے لئے | جو بھیجے گئے | ۳۷:۱۷۱ | بیشک وہ | البتہ وہی | مدد دیئے جانے والے ہیں | ۳۷:۱۷۲

وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ ٱلْغَٰلِبُونَ ﴿١٧٣﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿١٧٤﴾ وَأَبْصِرْهُمْ
اور بیشک | لشکر ہمارا | البتہ وہ | غالب آنے والے ہیں | ۳۷:۱۷۳ | تو منہ پھیر لو | ان سے | ایک خاص | وقت تک | ۳۷:۱۷۴ | اور دیکھو ان کو

فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿١٧٥﴾ أَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُونَ ﴿١٧٦﴾ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ
تو عنقریب | وہ بھی دیکھیں گے | ۳۷:۱۷۵ | کیا بھلا ساتھ ہمارے عذاب کے | وہ جلدی مچا رہے ہیں | ۳۷:۱۷۶ | پھر جب وہ اترے گا | ان کے صحن میں

فَسَآءَ صَبَاحُ ٱلْمُنذَرِينَ ﴿١٧٧﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿١٧٨﴾ وَأَبْصِرْ
تو بہت بری ہوگی | صبح | ڈرائے جانے والوں کی | ۳۷:۱۷۷ | اور منہ پھیر لو | ان سے | تک | ایک وقت | ۳۷:۱۷۸ | اور دیکھتے رہو

فَسَوْفَ يُبْصِرُونَ ﴿١٧٩﴾ سُبْحَٰنَ رَبِّكَ رَبِّ ٱلْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ
تو عنقریب | وہ بھی دیکھیں گے | ۳۷:۱۷۹ | پاک ہے | تیرا رب | رب | عزت کا | ان تمام باتوں سے | جو یہ لوگ بنا رہے ہیں

﴿١٨٠﴾ وَسَلَٰمٌ عَلَى ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿١٨١﴾ وَٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١٨٢﴾
۳۷:۱۸۰ | اور سلام ہے | پر | سب رسولوں | ۳۷:۱۸۱ | اور سب تعریف | اللہ | رب | سارے جہانوں کے | ۳۷:۱۸۲

## ٣٨ سُورَةُ صٓ ٨٨

۱۵۴. تمہیں کیا ہوگیا ہے کیسے حکم لگاتے پھرتے ہو؟
۱۵۵. کیا تم اس قدر بھی نہیں سمجھتے؟
۱۵۶. یا تمہارے پاس اس کی کوئی صاف دلیل ہے۔
۱۵۷. تو جاؤ اگر سچے ہو اپنی کتاب لے آؤ۔
۱۵۸. اور لوگوں نے تو اللہ کے اور جنات کے درمیان بھی قرابت داری ٹھہرائی ہے، اور حالانکہ خود جنات کو معلوم ہے کہ وہ (اس عقیدے کے لوگ عذاب کے سامنے) پیش کئے جائیں گے۔
۱۵۹. جو کچھ یہ (اللہ کے بارے میں) بیان کر رہے ہیں اس سے اللہ تعالی بالکل پاک ہے۔
۱۶۰. سوائے! اللہ کے مخلص بندوں کے۔
۱۶۱. یقین مانو کہ تم سب اور تمہارے معبودان (باطل)۔
۱۶۲. کسی ایک کو بھی بہکا نہیں سکتے۔
۱۶۳. بجز اس کے جو جہنمی ہی ہے۔
۱۶۴. (فرشتوں کا قول ہے کہ) ہم میں سے تو ہر ایک کی جگہ مقرر ہے۔
۱۶۵. اور ہم تو (بندگی الٰہی میں) صف بستہ کھڑے ہیں۔
۱۶۶. اور اس کی تسبیح بیان کر رہے ہیں۔
۱۶۷. کفار تو کہا کرتے تھے۔
۱۶۸. اگر ہمارے سامنے اگلے لوگوں کا ذکر ہوتا۔
۱۶۹. تو ہم بھی اللہ کے چیدہ بندے بن جاتے۔
۱۷۰. عنقریب جان لیں گے۔
۱۷۱. اور البتہ ہمارا وعدہ پہلے ہی اپنے رسولوں کے لئے صادر ہو چکا ہے۔
۱۷۲. کہ یقیناً وہ ہی مدد کئے جائیں گے۔
۱۷۳. اور ہمارا ہی لشکر غالب (اور برتر) رہے گا۔
۱۷۴. اب آپ کچھ دنوں تک منہ پھیر لیجئے۔
۱۷۵. اور انہیں دیکھتے رہیئے اور یہ بھی آگے چل کر دیکھ لینگے۔
۱۷۶. کیا ہمارے عذاب کی جلدی مچا رہے ہیں؟
۱۷۷. سنو! جب ہمارا عذاب ان کے میدان میں اتر آئے گا اس وقت ان کی جن کو متنبہ کر دیا گیا تھا بڑی بری صبح ہوگی۔
۱۷۸. آپ کچھ وقت تک ان کا خیال چھوڑ دیجئے۔
۱۷۹. اور دیکھتے رہیئے یہ بھی ابھی دیکھ لیں گے۔
۱۸۰. پاک ہے آپ کا رب جو بہت بڑی عزت والا ہے ہر اس چیز سے (جو مشرک) بیان کرتے ہیں۔
۱۸۱. پیغمبروں پر سلام ہے۔
۱۸۲. اور سب طرح کی تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہان کا رب ہے۔

سورة صٓ
مکہ
سورہ نمبر: ۳۸ آیات: ۸۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالٰی کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ۝١ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ۝٢

ص قسم ہے قرآن کی، والے نصیحت ۳۸:۱ بلکہ وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ہیں غلبے میں اور مخالفت میں ۳۸:۲

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ۝٣ وَعَجِبُوْٓا

کتنی ہی ہلاک کیں ہم نے ان سے پہلے سے امت تو انہوں نے پکارا حالانکہ نہیں تھا وقت چھٹکارے کا ۳۸:۳ اور انہوں نے تعجب کیا

اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ ۡ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ۝٤

اس بات پر کہ آیا ان کے پاس ایک ڈرانے والا ان میں سے اور کہا کافروں نے یہ ساحر ہے سخت جھوٹا ۳۸:۴

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ۝٥ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ

کیا اس نے بنالیا بہت سے الٰہوں کو الٰہ ایک ہی بیشک یہ البتہ ایک چیز ہے عجیب ۳۸:۵ اور چلے سردار

مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۝٦

ان میں سے (یہ کہتے ہوئے) کہ چلو اور جمے رہو پر اپنے الٰہوں بیشک یہ البتہ ایک چیز ہے جو ارادہ کی جاتی ہے ۳۸:۶

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۝٧ ءَاُنْزِلَ

نہیں ہم نے سنا اس کے بارے میں میں ملت پچھلی نہیں یہ مگر من گھڑت ۳۸:۷ کیا اتارا گیا ہے

عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ

اس پر ذکر سے ہمارے درمیان بلکہ وہ میں ہیں شک سے میرے ذکر بلکہ نہیں انہوں نے چکھا میرا عذاب

۝٨ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَاۗىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝٩ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ

۳۸:۸ کیا ان کے پاس خزانے ہیں رحمت کے تیرے رب کے جو غالب ہے دینے والا ہے ۳۸:۹ یا ان کے لئے بادشاہت ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۝١٠ جُنْدٌ

آسمانوں کی اور زمین کی اور جو ان دونوں کے درمیان ہے پس چاہیے کہ وہ اوپر چڑھ جائیں میں رسیوں ۳۸:۱۰ یہ ایک لشکر ہے

مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ۝١١ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ

چھوٹا سا، اسی جگہ شکست کھانے والا ہے میں سے گروہوں ۳۸:۱۱ جھٹلایا ان سے پہلے قوم نوح نے

وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۝١٢ وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ

اور عاد نے اور فرعون والے نے میخوں ۳۸:۱۲ اور ثمود نے اور قوم لوط نے اور والوں نے

لْــَٔــيْكَةِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الْاَحْزَابُ ۝١٣ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ

ایکہ (والوں نے) یہ سب گروہ تھے ۳۸:۱۳ نہیں سب کے سب مگر انہوں نے جھٹلایا رسولوں کو

فَحَقَّ عِقَابِ ۝١٤ وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَاۗءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا

تو ثابت ہوگئی میری سزا ۳۸:۱۴ اور نہیں انتظار کرتے یہ سب مگر ایک چیخ کا بس ایک ہی نہیں اس کے لئے

مِنْ فَوَاقٍ ۝١٥ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ۝١٦

کوئی ڈھیل ۳۸:۱۵ اور انہوں نے کہا اے ہمارے رب جلدی دے دے ہمارے لئے حصہ ہمارا پہلے دن سے حساب کے ۳۸:۱۶

١. ص! اس نصیحت والے قرآن کی قسم

٢. بلکہ کفار غرور و مخالفت میں پڑے ہوئے ہیں۔

٣. ہم نے ان سے پہلے بھی بہت سی امتوں کو تباہ کر ڈالا انہوں نے ہر چند چیخ پکار کی لیکن وہ وقت چھٹکارے کا نہ تھا۔

٤. اور کافروں کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان ہی میں سے ایک انہیں ڈرانے والا آگیا اور کہنے لگے کہ یہ تو جادوگر اور جھوٹا ہے۔

٥. کیا اس نے اتنے سارے معبودوں کو ایک ہی معبود کر دیا واقعی یہ بہت ہی عجیب بات ہے

٦. ان کے سردار یہ کہتے ہوئے چلے کہ چلو جی اور اپنے معبودوں پر جمے رہو یقیناً اس بات میں تو کوئی غرض ہے

٧. ہم نے تو یہ بات پچھلے دین میں بھی نہیں سنی، کچھ نہیں یہ تو صرف گھڑنت ہے۔

٨. کیا ہم سب میں سے اسی پر کلام الٰہی کیا گیا ہے؟ دراصل یہ لوگ میری وحی کی طرف سے شک میں ہیں بلکہ (صحیح یہ ہے کہ) انہوں نے اب تک میرا عذاب چکھا ہی نہیں۔

٩. یا کیا ان کے پاس تیرے زبردست فیاض رب کی رحمت کے خزانے ہیں۔

١٠. یا کیا آسمان و زمین اور ان کے درمیان کی ہرچیز کی بادشاہت ان ہی کی ہے، تو پھر رسیاں تان کر چڑھ جائیں۔

١١. یہ بھی (بڑے بڑے) لشکروں میں سے شکست پایا ہوا (چھوٹا سا) لشکر ہے۔

١٢. ان سے پہلے بھی قوم نوح اور عاد اور میخوں والے فرعون نے جھٹلایا تھا۔

١٣. اور ثمود نے اور قوم لوط نے اور أیکہ کے رہنے والوں نے بھی یہی (بڑے) تھے۔

١٤. ان میں سے ایک بھی ایسا نہ تھا جس نے رسولوں کو نہیں جھٹلایا پس میری سزا ان پر ثابت ہوگئی۔

١٥. انہیں صرف ایک چیخ کا انتظار ہے جس میں کوئی توقف (اور ڈھیل) نہیں ہے۔

١٦. اور انہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب! ہماری سر نوشت تو ہمیں روز حساب سے پہلے ہی دے دے۔

ٱصۡبِرۡ عَلَىٰ مَا يَقُولُونَ وَٱذۡكُرۡ عَبۡدَنَا دَاوُۥدَ ذَا ٱلۡأَيۡدِۖ إِنَّهُۥٓ أَوَّابٌ ﴿١٧﴾ إِنَّا

صبر کیجئے | پر | اس جو | وہ کہتے ہیں | اور ذکر کیجئے | ہمارے بندے | داؤد کا | صاحب | قوت | بیشک وہ | بہت رجوع کرنے والا تھا | ٣٨:١٧ | بیشک ہم نے

سَخَّرۡنَا ٱلۡجِبَالَ مَعَهُۥ يُسَبِّحۡنَ بِٱلۡعَشِيِّ وَٱلۡإِشۡرَاقِ ﴿١٨﴾ وَٱلطَّيۡرَ

مسخر کیا | پہاڑوں کو | اس کے ساتھ | وہ تسبیح کرتے تھے | شام کو | اور صبح کو | ٣٨:١٨ | اور پرندوں کو

مَحۡشُورَةٗۖ كُلّٞ لَّهُۥٓ أَوَّابٞ ﴿١٩﴾ وَشَدَدۡنَا مُلۡكَهُۥ وَءَاتَيۡنَٰهُ ٱلۡحِكۡمَةَ

اکھٹے ہونے والے | سب کے سب | اس کے لئے | رجوع کرنے والے تھے | ٣٨:١٩ | اور مضبوط کردی ہم نے | اس کی سلطنت | اور دی ہم نے اس کو | حکمت

١/٤ الحزب ٤٦

وَفَصۡلَ ٱلۡخِطَابِ ﴿٢٠﴾ ۞ وَهَلۡ أَتَىٰكَ نَبَؤُاْ ٱلۡخَصۡمِ إِذۡ تَسَوَّرُواْ

اور فیصلہ کن | بات | ٣٨:٢٠ | اور کیا | آئی تیرے پاس | خبر | جھگڑنے والوں کی | جب | وہ دیوار پھاند کر آگئے

ٱلۡمِحۡرَابَ ﴿٢١﴾ إِذۡ دَخَلُواْ عَلَىٰ دَاوُۥدَ فَفَزِعَ مِنۡهُمۡۖ قَالُواْ لَا تَخَفۡۖ

عبادت خانے میں | ٣٨:٢١ | جب | وہ داخل ہوئے | پر | داؤد | تو وہ گھبرا گیا | ان سے | انہوں نے کہا | نہ | تم ڈرو

خَصۡمَانِ بَغَىٰ بَعۡضُنَا عَلَىٰ بَعۡضٖ فَٱحۡكُم بَيۡنَنَا بِٱلۡحَقِّ وَلَا تُشۡطِطۡ

(ہم) دو جھگڑنے والے ہیں | زیادتی کی ہم میں سے | ہم میں سے کچھ لوگ | پر | بعض | پس فیصلہ کردیجئے | ہمارے درمیان | حق کے ساتھ | اور نہ | زیادتی کیجئے

وَٱهۡدِنَآ إِلَىٰ سَوَآءِ ٱلصِّرَٰطِ ﴿٢٢﴾ إِنَّ هَٰذَآ أَخِي لَهُۥ تِسۡعٞ وَتِسۡعُونَ نَعۡجَةٗ

اور رہنمائی کیجئے | طرف | ہماری سیدھے | راستے کے | ٣٨:٢٢ | بیشک | یہ | میرا بھائی ہے | اس کی ہیں | نو | اور نوے | دنبیاں

وَلِيَ نَعۡجَةٞ وَٰحِدَةٞ فَقَالَ أَكۡفِلۡنِيهَا وَعَزَّنِي فِي ٱلۡخِطَابِ ﴿٢٣﴾ قَالَ

اور میرے لئے | دنبی ہے | ایک ہی | تو اس نے کہا | مجھے سونپ دے اس کو | اور اس نے غلبہ پالیا مجھ پر | میں | کلام | ٣٨:٢٣ | اس نے کہا

لَقَدۡ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعۡجَتِكَ إِلَىٰ نِعَاجِهِۦۖ وَإِنَّ كَثِيرٗا مِّنَ ٱلۡخُلَطَآءِ لَيَبۡغِي

البتہ تحقیق | ظلم کیا ہے تجھ پر | سوال مانگنے پر | تیری دنبی کے | طرف | اپنی دنبیوں کے (ملانے کا) | اور بیشک | بہت سے | میں سے | شراکت داروں | البتہ زیادتی کرتے ہیں

بَعۡضُهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٍ إِلَّا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَقَلِيلٞ

ان میں سے بعض | پر | بعض | مگر | وہ لوگ | جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے | اچھے | اور کتنے تھوڑے ہیں

سجدة

مَّا هُمۡۗ وَظَنَّ دَاوُۥدُ أَنَّمَا فَتَنَّٰهُ فَٱسۡتَغۡفَرَ رَبَّهُۥ وَخَرَّۤ رَاكِعٗاۤ وَأَنَابَ ۩

وہ | اور سمجھ گیا | داؤد | بیشک | آزمایا ہم نے ان کو | پس انہوں نے بخشش مانگی | اپنے رب سے | اور گرپڑے | رکوع کرتے ہوئے | اور انہوں نے رجوع کرلیا

﴿٢٤﴾ فَغَفَرۡنَا لَهُۥ ذَٰلِكَۖ وَإِنَّ لَهُۥ عِندَنَا لَزُلۡفَىٰ وَحُسۡنَ مَـَٔابٖ ﴿٢٥﴾

٣٨:٢٤ | پس بخش دیا ہم نے | ان کے لئے | اس بات کو | اور بیشک | ان کے لئے | ہمارے ہاں | البتہ تقریب کا مقام ہے | اور بہتر | انجام | ٣٨:٢٥

يَٰدَاوُۥدُ إِنَّا جَعَلۡنَٰكَ خَلِيفَةٗ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَٱحۡكُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ بِٱلۡحَقِّ

اے داؤد | بیشک ہم نے | بنایا تجھ کو | ایک خلیفہ | میں | زمین | پس فیصلہ کرو | درمیان | لوگوں کے | حق کے ساتھ

وَلَا تَتَّبِعِ ٱلۡهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَضِلُّونَ

اور نہ | تم پیروی کرو | خواہش نفس کی | تو وہ بھٹکادے گی تجھ کو | سے | راستے | اللہ کے | بیشک | وہ لوگ | جو بھٹکتے ہیں

عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ لَهُمۡ عَذَابٞ شَدِيدُۢ بِمَا نَسُواْ يَوۡمَ ٱلۡحِسَابِ ﴿٢٦﴾

سے | راستے | اللہ کے | ان کے لئے | عذاب ہے | شدید | بوجہ اس کے | جو وہ بھول گئے | دن کو | حساب کے | ٣٨:٢٦

**١٧**. آپ ان کی باتوں پر صبر کریں اور ہمارے بندے داؤد (علیہ السلام) کو یاد کریں جو بڑی قوت والا تھا، یقیناً وہ بہت رجوع کرنے والا تھا۔

**١٨**. ہم نے پہاڑوں کو اس کے تابع کر رکھا تھا کہ اس کے ساتھ شام کو اور صبح کو تسبیح خوانی کریں۔

**١٩**. اور پرندوں کو بھی جمع ہو کر سب کے سب اس کے زیر فرمان رہتے۔

**٢٠**. اور ہم نے اس کی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور اسے حکومت دی تھی اور بات کا فیصلہ کرنا۔

**٢١**. اور کیا تجھے جھگڑا کرنے والوں کی (بھی) خبر ملی؟ جبکہ وہ دیوار پھاند کر محراب میں آگئے۔

**٢٢**. جب یہ (حضرت) داؤد (علیہ السلام) کے پاس پہنچے، پس یہ ان سے ڈر گئے، انہوں نے کہا خوف نہ کیجئے! ہم دو فریق مقدمہ ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے، پس آپ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دیجئے اور نا انصافی نہ کیجئے اور ہمیں سیدھی راہ بتا دیجئے۔

**٢٣**. (سنیئے) یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک ہی دنبی ہے لیکن یہ مجھ سے کہہ رہا ہے کہ اپنی یہ ایک دنبی بھی مجھ ہی کو دے دے اور مجھ پر بات میں بڑی سختی برتتا ہے۔

**٢٤**. آپ نے فرمایا! اس کا اپنی دنبیوں کے ساتھ تیری ایک دنبی ملا لینے کا سوال بیشک تیرے اوپر ایک ظلم ہے اور اکثر حصہ دار اور شریک (ایسے ہی ہوتے ہیں کہ) ایک دوسرے پر ظلم کرتے ہیں، سوائے ان کے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک عمل کئے اور ایسے لوگ بہت ہی کم ہیں، اور (حضرت) داؤد علیہ السلام سمجھ گئے کہ ہم نے انہیں آزمایا ہے، پھر تو اپنے رب سے استغفار کرنے لگے اور عاجزی کرتے ہوئے گر پڑے اور پوری طرح رجوع کیا۔

**٢٥**. پس ہم نے بھی ان کا وہ (قصور) معاف کر دیا یقیناً وہ ہمارے نزدیک بڑے مرتبہ والے اور بہت اچھے ٹھکانے والے ہیں۔

**٢٦**. اے داؤد! ہم نے تمہیں زمین میں خلیفہ بنا دیا تم لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ فیصلے کرو اور اپنی نفسانی خواہش کی پیروی نہ کرو ورنہ وہ تمہیں اللہ کی راہ سے بھٹکا دے گی، یقیناً جو لوگ اللہ کی راہ سے بھٹک جاتے ہیں ان کے لئے سخت عذاب ہے اس لئے انہوں نے حساب کے دن کو بھلا دیا ہے۔

وَمَا خَلَقۡنَا ٱلسَّمَآءَ وَٱلۡأَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا بَٰطِلٗاۚ ذَٰلِكَ ظَنُّ ٱلَّذِينَ
اور نہیں | پیدا کیا ہم نے | آسمان کو | اور زمین کو | اور جو | ان دونوں کے درمیان ہے | ناحق | یہ | گمان ہے | ان لوگوں کا

كَفَرُواْۚ فَوَيۡلٞ لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ مِنَ ٱلنَّارِ ٢٧ أَمۡ نَجۡعَلُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ
جنہوں نے کفر کیا | پس ہلاکت ہے | ان لوگوں کے لئے | جنہوں نے کفر کیا | سے | آگ | ۳۸:۲۷ | کیا ہم | کردیں گے | ان لوگوں کو | جو ایمان لائے | اور انہوں نے عمل کئے

ٱلصَّٰلِحَٰتِ كَٱلۡمُفۡسِدِينَ فِي ٱلۡأَرۡضِ أَمۡ نَجۡعَلُ ٱلۡمُتَّقِينَ كَٱلۡفُجَّارِ
اچھے | مانند ان کے جو فساد کرنے والے ہیں | میں | زمین | یا | ہم کردیں گے | متقی لوگوں کو | بدکاروں کی طرح

٢٨ كِتَٰبٌ أَنزَلۡنَٰهُ إِلَيۡكَ مُبَٰرَكٞ لِّيَدَّبَّرُوٓاْ ءَايَٰتِهِۦ وَلِيَتَذَكَّرَ أُوْلُواْ
۳۸:۲۸ | ایک کتاب ہے | نازل کیا ہم نے اس کو | آپ کی طرف | بہت برکتوں والی ہے | تاکہ وہ غوروفکر کریں | اس کی آیات پر | اور تاکہ نصیحت پکڑیں | والے

ٱلۡأَلۡبَٰبِ ٢٩ وَوَهَبۡنَا لِدَاوُۥدَ سُلَيۡمَٰنَۚ نِعۡمَ ٱلۡعَبۡدُ إِنَّهُۥٓ أَوَّابٌ
عقل والے | ۳۸:۲۹ | اور عطا کیا ہم نے | داؤد کے لئے | سلیمان کو | کتنا اچھا | بندہ تھا وہ | بیشک وہ | بہت رجوع کرنے والا تھا

٣٠ إِذۡ عُرِضَ عَلَيۡهِ بِٱلۡعَشِيِّ ٱلصَّٰفِنَٰتُ ٱلۡجِيَادُ ٣١ فَقَالَ إِنِّيٓ أَحۡبَبۡتُ
۳۸:۳۰ | جب | پیش کئے گئے | اس پر | شام کے وقت | اصیل گھوڑے | عمدہ | ۳۸:۳۱ | تو اس نے کہا | بیشک میں نے | میں نے ترجیح دی

حُبَّ ٱلۡخَيۡرِ عَن ذِكۡرِ رَبِّي حَتَّىٰ تَوَارَتۡ بِٱلۡحِجَابِ ٣٢ رُدُّوهَا عَلَيَّۖ
محبت کو | مال کی | سے | یاد کی وجہ | اپنے رب کی | یہاں تک کہ | سورج چھپ گیا | پردے میں | ۳۸:۳۲ | پھیر لاؤ ان کو | مجھ پر

فَطَفِقَ مَسۡحَۢا بِٱلسُّوقِ وَٱلۡأَعۡنَاقِ ٣٣ وَلَقَدۡ فَتَنَّا سُلَيۡمَٰنَ
تو شروع کیا | ہاتھ پھیرنا | پنڈلیوں پر | اور گردنوں پر | ۳۸:۳۳ | اور البتہ تحقیق | آزمایا ہم نے | سلیمان کو

وَأَلۡقَيۡنَا عَلَىٰ كُرۡسِيِّهِۦ جَسَدٗا ثُمَّ أَنَابَ ٣٤ قَالَ رَبِّ ٱغۡفِرۡ لِي وَهَبۡ
اور ڈال دیا ہم نے | پر | اس کی کرسی | ایک جسم | پھر | اس نے رجوع کرلیا | ۳۸:۳۴ | بولا | اے میرے رب | بخش دے | میرے لئے | اور عطا کر

لِي مُلۡكٗا لَّا يَنۢبَغِي لِأَحَدٖ مِّنۢ بَعۡدِيٓۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلۡوَهَّابُ ٣٥
مجھ کو | ایسی بادشاہت | نہ | لائق ہو | کسی ایک کو | میرے بعد | بیشک تو | تو ہی | خوب دینے والا ہے | ۳۸:۳۵

فَسَخَّرۡنَا لَهُ ٱلرِّيحَ تَجۡرِي بِأَمۡرِهِۦ رُخَآءً حَيۡثُ أَصَابَ ٣٦ وَٱلشَّيَٰطِينَ
تو مسخر کیا ہم نے | اس کے لئے | ہوا کو | جو چلتی تھی | اس کے حکم سے | نرمی سے | جہاں | وہ پہنچنا چاہتے | ۳۸:۳۶ | اور شیاطین کو

كُلَّ بَنَّآءٖ وَغَوَّاصٖ ٣٧ وَءَاخَرِينَ مُقَرَّنِينَ فِي ٱلۡأَصۡفَادِ ٣٨ هَٰذَا
ہر طرح کے | معمار | اور غوطہ خور | ۳۸:۳۷ | اور کچھ دوسرے | جکڑے ہوئے | میں | بیڑیوں | ۳۸:۳۸ | یہ

عَطَآؤُنَا فَٱمۡنُنۡ أَوۡ أَمۡسِكۡ بِغَيۡرِ حِسَابٖ ٣٩ وَإِنَّ لَهُۥ عِندَنَا لَزُلۡفَىٰ وَحُسۡنَ
ہماری بخشش تھی | پس احسان کر | یا | روک لے | بغیر | حساب کے | ۳۸:۳۹ | اور بیشک | اس کے لئے | ہمارے پاس | البتہ قرب خاص ہے | اور بہترین

مَـَٔابٖ ٤٠ وَٱذۡكُرۡ عَبۡدَنَآ أَيُّوبَ إِذۡ نَادَىٰ رَبَّهُۥٓ أَنِّي مَسَّنِيَ ٱلشَّيۡطَٰنُ
ٹھکانہ ہے | ۳۸:۴۰ | اور ذکر کیجئے | ہمارے بندے | ایوب کا | جب | انہوں نے پکارا | اپنے رب کو | بیشک مجھے | مجھے چھوا/ مجھے پہنچایا | شیطان نے

بِنُصۡبٖ وَعَذَابٍ ٤١ ٱرۡكُضۡ بِرِجۡلِكَۖ هَٰذَا مُغۡتَسَلُۢ بَارِدٞ وَشَرَابٞ ٤٢
تکلیف کے ساتھ | ، اور عذاب کے | ۳۸:۴۱ | تم مارو | اپنا پاؤں | یہ | نہانے کا پانی ہے | ٹھنڈا | اور پینے کا پانی | ۳۸:۴۲

**٢٧.** اور ہم نے آسمان و زمین اور ان کے درمیان کی چیزوں کو ناحق پیدا نہیں کیا، یہ گمان تو کافروں کا ہے سو کافروں کے لئے خرابی ہے آگ کی۔

**٢٨.** کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے ان کے برابر کر دیں گے جو (ہمیشہ) زمین میں فساد مچاتے رہے، یا پرہیزگاروں کو بدکاروں جیسا کر دیں گے؟

**٢٩.** یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف اس لئے نازل فرمایا ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور و فکر کریں اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں۔

**٣٠.** اور ہم نے داؤد کو سلیمان (نامی فرزند) عطا فرمایا، جو بڑا اچھا بندہ تھا اور بیحد رجوع کرنے والا تھا۔

**٣١.** جب ان کے سامنے شام کے وقت تیز رو خاصے گھوڑے پیش کئے گئے-

**٣٢.** تو کہنے لگے میں نے اپنے پروردگار کی یاد پر ان گھوڑوں کی محبت کو ترجیح دی، یہاں تک کہ (آفتاب) چھپ گیا۔

**٣٣.** ان (گھوڑوں) کو دوبارہ میرے سامنے لاؤ! پھر تو پنڈلیوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنا شروع کر دیا-

**٣٤.** اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کی آزمائش کی اور ان کے تخت پر ایک جسم ڈال دیا پھر اس نے رجوع کیا۔

**٣٥.** کہا اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے سوا کسی (شخص) کے لائق نہ ہو، تو بڑا ہی دینے والا ہے۔

**٣٦.** پس ہم نے ہوا کو ان کے ماتحت کر دیا وہ آپ کے حکم سے جہاں آپ چاہتے نرمی سے پہنچا دیا کرتی تھی۔

**٣٧.** اور (طاقتور) جنات کو بھی (ان کے ماتحت کر دیا) ہر عمارت بنانے والے کو اور غوط خور کو۔

**٣٨.** اور دوسرے جنات کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے رہتے-

**٣٩.** یہ ہے ہمارا عطیہ اب تو احسان کر یا روک رکھ، کچھ حساب نہیں۔

**٤٠.** ان کے لئے ہمارے پاس بڑا تقرب ہے اور بہت اچھا ٹھکانا ہے-

**٤١.** اور ہمارے بندے ایوب (علیہ السلام) کا (بھی) ذکر کر، جبکہ اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے شیطان نے رنج اور دکھ پہنچایا ہے-

**٤٢.** اپنا پاؤں مارو، یہ نہانے کا ٹھنڈا اور پینے کا پانی ہے-

وَوَهَبْنَا لَهُۥٓ أَهْلَهُۥ وَمِثْلَهُم مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرَىٰ لِأُو۟لِى ٱلْأَلْبَٰبِ
اور عطا کئے ہم نے | اس کو | اس کے گھر والے | اور ان کے مثل | ان کے ساتھ | بطور رحمت | ہماری طرف سے | اور ایک نصیحت | والوں کے لئے | عقلیں

٤٣ وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَٱضْرِب بِّهِۦ وَلَا تَحْنَثْ ۗ إِنَّا وَجَدْنَٰهُ صَابِرًا ۚ نِّعْمَ
٣٨:٤٣ | اور لے لو | اپنے ہاتھ سے | تنکوں کا چھوٹا سا مٹھا | پھر مار | اس سے | اور نہ | اپنی قسم توڑ | بیشک ہم نے | پایا ہم نے اس کو | صابر | کتنا اچھا

ٱلْعَبْدُ ۖ إِنَّهُۥٓ أَوَّابٌ ٤٤ وَٱذْكُرْ عِبَٰدَنَآ إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ أُو۟لِى
بندہ تھا وہ | بیشک وہ | بہت زیادہ رجوع کرنے والا تھا | ٣٨:٤٤ | اور ذکر کرو | ہمارے بندوں، | ابراہیم کا | اور اسحاق کا | اور یعقوب کا | والے

ٱلْأَيْدِى وَٱلْأَبْصَٰرِ ٤٥ إِنَّآ أَخْلَصْنَٰهُم بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى ٱلدَّارِ ٤٦
ہاتھوں والے | اور نگاہوں والے | ٣٨:٤٥ | بیشک ہم نے | خالص کرلیا تھا ہم نے ان کو | خالص کرنا | یاد کا | اصلی گھر کی | ٣٨:٤٦

وَإِنَّهُمْ عِندَنَا لَمِنَ ٱلْمُصْطَفَيْنَ ٱلْأَخْيَارِ ٤٧ وَٱذْكُرْ إِسْمَٰعِيلَ
اور بیشک وہ | ہمارے نزدیک | البتہ میں سے تھے | چنے ہوؤں | نیک لوگوں | ٣٨:٤٧ | اور یاد کیجئے | اسماعیل کو

وَٱلْيَسَعَ وَذَا ٱلْكِفْلِ ۖ وَكُلٌّ مِّنَ ٱلْأَخْيَارِ ٤٨ هَٰذَا ذِكْرٌ ۚ وَإِنَّ لِلْمُتَّقِينَ
اور الیسع کو | اور ذوالکفل کو | اور وہ سب کے سب | میں سے تھے | نیک لوگوں | ٣٨:٤٨ | یہ | ایک ذکر تھا | اور بیشک | سب متقی لوگوں کے لئے

لَحُسْنَ مَـَٔابٍ ٤٩ جَنَّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ ٱلْأَبْوَٰبُ ٥٠ مُتَّكِـِٔينَ
البتہ اچھا | لوٹنے کی جگہ | ٣٨:٤٩ | باغات | ہمیشگی کے | کھلے ہوئے ہیں | ان کے لئے | دروازے | ٣٨:٥٠ | تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے

٢/٤ الحزب ٤٦
فِيهَا يَدْعُونَ فِيهَا بِفَٰكِهَةٍ كَثِيرَةٍ وَشَرَابٍ ٥١ ۞ وَعِندَهُمْ قَٰصِرَٰتُ
ان میں | طلب کریں گے وہ | ان میں | پھل | بہت سے | اور مشروبات | ٣٨:٥١ | اور ان کے پاس ہوں گی | جھکانے والیاں

ٱلطَّرْفِ أَتْرَابٌ ٥٢ هَٰذَا مَا تُوعَدُونَ لِيَوْمِ ٱلْحِسَابِ ٥٣ إِنَّ هَٰذَا
نگاہوں کو | ہم عمر | ٣٨:٥٢ | یہ ہے | وہ جس کا | تم وعدہ کئے جاتے تھے | دن کے لئے | حساب کے | ٣٨:٥٣ | بیشک | یہ

لَرِزْقُنَا مَا لَهُۥ مِن نَّفَادٍ ٥٤ هَٰذَا ۚ وَإِنَّ لِلطَّٰغِينَ لَشَرَّ مَـَٔابٍ
البتہ ہمارا رزق ہے | نہیں ہے | اس کے لئے | کوئی | کم ہونا | ٣٨:٥٤ | یہ تو ہے یہ بات | اور بیشک | سرکش لوگوں کے لئے | البتہ بہت برا | لوٹنے کی جگہ

٥٥ جَهَنَّمَ يَصْلَوْنَهَا فَبِئْسَ ٱلْمِهَادُ ٥٦ هَٰذَا فَلْيَذُوقُوهُ حَمِيمٌ
٣٨:٥٥ | جہنم | وہ داخل ہوں گے اس میں | تو بہت ہی برا | ٹھکانہ | ٣٨:٥٦ | یہ ہے (یہ بات) | پس وہ ضرور چکھیں اس کو | جو کھولتا ہوا پانی ہے

وَغَسَّاقٌ ٥٧ وَءَاخَرُ مِن شَكْلِهِۦٓ أَزْوَٰجٌ ٥٨ هَٰذَا فَوْجٌ
اور پیپ لہو ہے | ٣٨:٥٧ | اور کچھ دوسرا | سے | اس کی شکل | طرح طرح | ٣٨:٥٨ | یہ | ایک لشکر ہے

مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۖ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ۚ إِنَّهُمْ صَالُوا۟ ٱلنَّارِ ٥٩ قَالُوا۟
داخل ہونے والا | تمہارے ساتھ | نہیں | کوئی مرحبا | ان کو | بیشک وہ | داخل ہونے والے ہیں | آگ میں | ٣٨:٥٩ | وہ کہیں گے

بَلْ أَنتُمْ لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ۖ أَنتُمْ قَدَّمْتُمُوهُ لَنَا ۖ فَبِئْسَ ٱلْقَرَارُ ٦٠
بلکہ | تم کو | نہ | ہو خوش آمدید | تمہارے لئے | تمہی نے | پیش کیا ہے تم نے اس کو | ہمارے لئے | تو کتنا برا ہے | ٹھکانہ | ٣٨:٦٠

قَالُوا۟ رَبَّنَا مَن قَدَّمَ لَنَا هَٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا ضِعْفًا فِى ٱلنَّارِ ٦١
وہ کہیں گے | اے ہمارے رب | جس نے | آگے بھیجا ہے | ہمارے لئے | یہ | پس زیادہ دے اس کو | عذاب | دو گنا | میں | جہنم | ٣٨:٦١

٤٣. اور ہم نے اسے اس کا پورا کنبہ عطا فرمایا بلکہ اتنا ہی اور بھی اس کے ساتھ اپنی (خاص) رحمت سے، اور عقلمندوں کی نصیحت کے لئے۔

٤٤. اور اپنے ہاتھ میں تنکوں کا ایک مٹھا (جھاڑو) لے کر مار دے اور قسم کا خلاف نہ کر، سچ تو یہ ہے کہ ہم نے اسے بڑا صابر بندہ پایا، وہ بڑا نیک بندہ تھا اور بڑی ہی رغبت رکھنے والا۔

٤٥. ہمارے بندے ابراہیم، اسحاق اور یعقوب (علیہم السلام) کا بھی لوگوں سے ذکر کرو جو ہاتھوں اور آنکھوں والے تھے۔

٤٦. ہم نے انہیں ایک خاص بات یعنی آخرت کی یاد کے ساتھ مخصوص کر دیا تھا۔

٤٧. یہ سب ہمارے نزدیک برگزیدہ اور بہترین لوگ تھے۔

٤٨. اسماعیل، یسع اور ذوالکفل (علیہم السلام) کا بھی ذکر کر دیجئے، یہ سب بہترین لوگ تھے۔

٤٩. یہ نصیحت ہے اور یقین مانو کہ پرہیزگاروں کی بڑی اچھی جگہ ہے۔

٥٠. (یعنی ہمیشگی والی) جنتیں جن کے دروازے ان کے لئے کھلے ہوئے ہیں۔

٥١. جن میں با فراغت تکیے لگائے بیٹھے ہوئے طرح طرح کے میوے اور قسم قسم کی شرابوں کی فرمائشیں کر رہے ہیں۔

٥٢. اور ان کے پاس نیچی نظروں والی ہم عمر حوریں ہوں گی۔

٥٣. یہ ہے جس کا وعدہ تم سے حساب کے دن کے لئے کیا جاتا تھا۔

٥٤. بیشک روزیاں (خاص) ہمارا عطیہ ہیں جن کا کبھی خاتمہ ہی نہیں

٥٥. یہ تو ہوئی جزا، (یاد رکھو کہ) سرکشوں کے لئے بڑی بری جگہ ہے۔

٥٦. دوزخ ہے جس میں وہ جائیں گے (آہ) کیا ہی برا بچھونا ہے۔

٥٧. یہ ہے، پس اسے چکھیں، گرم پانی اور پیپ

٥٨. اس کے علاوہ اور طرح طرح کے عذاب۔

٥٩. یہ ایک قوم ہے جو تمہارے ساتھ (آگ میں) جانی والی ہے، کوئی خوش آمدید ان کے لئے نہیں ہے، یہی تو جہنم میں جانے والے ہیں۔

٦٠. وہ کہیں گے بلکہ تم ہی ہو جن کے لئے کوئی خوش آمدید نہیں ہے تم ہی نے تو اسے پہلے ہی سے ہمارے سامنے لا رکھا تھا، پس رہنے کی بڑی بری جگہ ہے۔

٦١. وہ کہیں گے اے ہمارے رب! جس نے (کفر کی رسم) ہمارے لئے پہلے سے نکالی ہو اس کے حق میں جہنم کی دگنی سزا کر دے۔

وَقَالُوا۟ مَا لَنَا لَا نَرَىٰ رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُم مِّنَ ٱلْأَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ أَتَّخَذْنَٰهُمْ

اور وہ کہیں گے کیا ہے ہمارے لیے نہیں ہم دیکھتے کچھ لوگوں کو تھے ہم ہم گنا کرتے ان کو میں سے شریر لوگوں ۳۸:۶۲ کیا بنایا تھا ہم نے ان کا

سِخْرِيًّا أَمْ زَاغَتْ عَنْهُمُ ٱلْأَبْصَٰرُ ﴿٦٣﴾ إِنَّ ذَٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ أَهْلِ

مذاق یا کج ہوگئیں ان سے نگاہیں ۳۸:۶۳ بیشک یہ البتہ حق ہے جھگڑنا والوں کا

ٱلنَّارِ ﴿٦٤﴾ قُلْ إِنَّمَآ أَنَا۠ مُنذِرٌ ۖ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا ٱللَّهُ ٱلْوَٰحِدُ ٱلْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾

آگ ۳۸:۶۴ کہہ دیجئے بیشک میں خبردار کرنے والا ہوں اور نہیں کوئی الٰہ برحق سوائے اللہ کے جو ایک ہے ، جو بہت زبردست ہے ۳۸:۶۵

رَبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ٱلْعَزِيزُ ٱلْغَفَّٰرُ ﴿٦٦﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا۟

رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو ان دونوں کے درمیان ہے جو زبردست ہے، جو بخشش فرمانے والا ہے ۳۸:۶۶ کہہ دیجئے وہ ایک خبر ہے

عَظِيمٌ ﴿٦٧﴾ أَنتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُونَ ﴿٦٨﴾ مَا كَانَ لِىَ مِنْ عِلْمٍۭ بِٱلْمَلَإِ ٱلْأَعْلَىٰٓ

بڑی ۳۸:۶۷ تم اس سے اعراض برتنے والے ہو ۳۸:۶۸ نہیں ہے میرے لئے کوئی علم قوم/لوگ کے بارے میں بلند قدر

إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٦٩﴾ إِن يُوحَىٰٓ إِلَىَّ إِلَّآ أَنَّمَآ أَنَا۠ نَذِيرٌ مُّبِينٌ ﴿٧٠﴾ إِذْ قَالَ

جب وہ جھگڑتے ہیں ۳۸:۶۹ نہیں وحی کی جاتی میری طرف مگر سوائے اس کے کہ بے شک صرف میں ڈرانے والا کھلم کھلا ۳۸:۷۰ جب کہا

رَبُّكَ لِلْمَلَٰٓئِكَةِ إِنِّى خَٰلِقٌۢ بَشَرًا مِّن طِينٍ ﴿٧١﴾ فَإِذَا سَوَّيْتُهُۥ وَنَفَخْتُ

تیرے رب نے فرشتوں سے بیشک میں پیدا کرنے والا ہوں ایک انسان کو سے مٹی (سے) ۳۸:۷۱ پھر جب میں درست بنادوں اس کو اور میں پھونک دوں

فِيهِ مِن رُّوحِى فَقَعُوا۟ لَهُۥ سَٰجِدِينَ ﴿٧٢﴾ فَسَجَدَ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ

اس میں سے اپنی روح تو گر پڑنا اس کے لئے سجدہ کرتے ہوئے ۳۸:۷۲ تو سجدہ کیا فرشتوں نے وہ سارے کے سارے

أَجْمَعُونَ ﴿٧٣﴾ إِلَّآ إِبْلِيسَ ٱسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ ٱلْكَٰفِرِينَ ﴿٧٤﴾ قَالَ

اکٹھے ۳۸:۷۳ سوائے ابلیس کے اس نے تکبر کیا اور ہوگیا میں سے کافروں ۳۸:۷۴ فرمایا

يَٰٓإِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَن تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَىَّ ۖ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنتَ

اے ابلیس کس چیز نے روکا تجھ کو کہ تو سجدہ کرے اس کے لئے جسے میں نے پیدا کیا اپنے دونوں ہاتھوں سے کیا تم نے تکبر کیا یا ہوگیا ہے تو

مِنَ ٱلْعَالِينَ ﴿٧٥﴾ قَالَ أَنَا۠ خَيْرٌ مِّنْهُ ۖ خَلَقْتَنِى مِن نَّارٍ وَخَلَقْتَهُۥ مِن طِينٍ

میں سے بلند مرتبہ والوں ۳۸:۷۵ اس نے کہا میں بہتر ہوں اس سے پیدا کیا تو نے مجھ کو سے آگ اور پیدا کیا تو نے اس کو سے مٹی

﴿٧٦﴾ قَالَ فَٱخْرُجْ مِنْهَا فَإِنَّكَ رَجِيمٌ ﴿٧٧﴾ وَإِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِىٓ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلدِّينِ

۳۸:۷۶ فرمایا پس نکل جا اس سے پس بیشک تو مردود ہے ۳۸:۷۷ اور بیشک تجھ پر میری لعنت ہے تک دن جزا و سزا کے

﴿٧٨﴾ قَالَ رَبِّ فَأَنظِرْنِىٓ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ﴿٧٩﴾ قَالَ فَإِنَّكَ مِنَ

۳۸:۷۸ کہا اے میرے رب پھر مہلت دے مجھ کو تک اس دن جب وہ سب اٹھائے جائیں گے ۳۸:۷۹ فرمایا پس بیشک تو میں سے ہے

ٱلْمُنظَرِينَ ﴿٨٠﴾ إِلَىٰ يَوْمِ ٱلْوَقْتِ ٱلْمَعْلُومِ ﴿٨١﴾ قَالَ فَبِعِزَّتِكَ

مہلت دیے گئے لوگ ۳۸:۸۰ تک دن وقت مقرر ۳۸:۸۱ بولا پس قسم ہے تیری عزت کی

لَأُغْوِيَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٨٢﴾ إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ ٱلْمُخْلَصِينَ ﴿٨٣﴾

البتہ میں ضرور گمراہ کر دوں گا ان کو سب کے سب کو ۳۸:۸۲ سوائے تیرے بندوں کے ان میں سے جو مخلص ہوں گے ۳۸:۸۳



٦٢. اور جہنمی کہیں گے کیا یہ بات ہے کہ وہ لوگ ہمیں دکھائی نہیں دیتے جنہیں ہم برے لوگوں میں شمار کرتے تھے۔

٦٣. کیا ہم نے ان کا مذاق بنا رکھا تھا یا ہماری نگاہیں ان سے ہٹ گئی ہیں۔

٦٤. یقین جانو کہ دوزخیوں کا یہ جھگڑا ضرور ہوگا ہی۔

٦٥. کہہ دیجئے! کہ میں تو صرف خبردار کرنے والا ہوں، اور بجز اللہ واحد غالب کے کوئی لائق عبادت نہیں۔

٦٦. جو پروردگار ہے آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، وہ زبردست اور بڑا بخشنے والا ہے۔

٦٧. آپ کہہ دیجئے کہ یہ بہت بڑی خبر ہے۔

٦٨. جس سے تم بے پروا ہو رہے ہو۔

٦٩. مجھے ان بلند قدر فرشتوں کی (بات چیت کا) کوئی علم ہی نہیں جبکہ وہ تکرار کر رہے تھے۔

٧٠. میری طرف فقط یہی وحی کی جاتی ہے کہ میں صاف صاف آگاہ کر دینے والا ہوں۔

٧١. جبکہ آپ کے رب نے فرشتوں سے ارشاد فرمایا میں مٹی سے انسان کو پیدا کرنے والا ہوں۔

٧٢. سو جب میں اسے ٹھیک ٹھاک کرلوں اور اس میں اپنی روح پھونک دوں، تو تم سب اس کے سامنے سجدے میں گر پڑنا۔

٧٣. چنانچہ تمام فرشتوں نے سجدہ کیا۔

٧٤. مگر ابلیس نے (نہ کیا)، اس نے تکبر کیا اور وہ تھا کافروں میں سے۔

٧٥. (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا اے ابلیس! تجھے اسے سجدہ کرنے سے کس چیز نے روکا جسے میں نے اپنے ہاتھوں سے پیدا کیا، کیا تو کچھ گھمنڈ میں آگیا ہے؟ یا تو بڑے درجے والوں میں سے ہے۔

٧٦. اس نے جواب دیا کہ میں اس سے بہتر ہوں، تو نے مجھے آگ سے بنایا، اور اسے مٹی سے بنایا ہے۔

٧٧. ارشاد ہوا کہ تو یہاں سے نکل جا تو مردود ہوا۔

٧٨. اور تجھ پر قیامت کے دن تک میری لعنت و پھٹکار ہے

٧٩. کہنے لگا میرے رب مجھے لوگوں کے اٹھ کھڑے ہونے کے دن تک مہلت دے۔

٨٠. (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا تو مہلت والوں میں سے ہے۔

٨١. متعین وقت کے دن تک۔

٨٢. کہنے لگا پھر تو تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو یقیناً بہکا دونگا۔

٨٣. بجز تیرے ان بندوں کے جو چیدہ اور پسندیدہ ہوں۔

قَالَ فَالْحَقُّ وَالْحَقَّ أَقُولُ ﴿٨٤﴾ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنكَ وَمِمَّن تَبِعَكَ مِنْهُمْ
فرمایا پس حق ہے اور حق کو ہی میں کہتا ہوں ۳۸:۸٤ البتہ میں ضرور بھر دوں گا جہنم کو تجھ سے اور ان سے جو پیروی کریں گے تیری ان میں سے

أَجْمَعِينَ ﴿٨٥﴾ قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ
تمام کو ۳۸:۸۵ کہہ دیجئے نہیں میں مانگتا تم سے اس کام پر کوئی اجر اور نہیں ہوں میں میں سے تکلف کرنے والوں

﴿٨٦﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَأَهُ بَعْدَ حِينٍ ﴿٨٨﴾
۳۸:۸٦ نہیں ہے وہ مگر ایک نصیحت جہان والوں کے لئے ۳۸:۸۷ اور البتہ تم ضرور جان لو گے خبر اس کی بعد ایک وقت کے ۳۸:۸۸

## ۳۹ سُورَةُ الزُّمَر ۷۵

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ﴿١﴾ إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ
نازل کرنا ہے کتاب کا سے اللہ کی طرف جو غالب ہے، حکمت والا ہے ۳۹:۱ بیشک ہم نے نازل کی ہم نے آپ کی طرف

الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّينَ ﴿٢﴾ أَلَا
کتاب حق کے ساتھ پس عبادت کیجئے اللہ کی خالص کرتے ہوئے اس کے لئے دین کو ۳۹:۲ خبردار

لِلَّهِ الدِّينُ الْخَالِصُ ۚ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءَ
اللہ کے لئے ہے دین خالص اور وہ لوگ جنہوں نے بنا رکھا ہے اس کے سوا سرپرستوں کو (وہ کہتے ہیں)

مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَىٰ إِنَّ اللَّهَ يَحْكُمُ
نہیں ہم عبادت کرتے ان کی مگر تاکہ وہ قریب کریں ہم کو طرف اللہ کے قریب کرنا بیشک اللہ تعالیٰ فیصلہ کرے گا

بَيْنَهُمْ فِي مَا هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي مَنْ هُوَ
ان کے درمیان اس معاملے میں جو وہ اس میں اختلاف کرتے ہیں بیشک اللہ نہیں ہدایت دیتا اسے کوئی جو ہو وہ

كَاذِبٌ كَفَّارٌ ﴿٣﴾ لَّوْ أَرَادَ اللَّهُ أَن يَتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفَىٰ
جھوٹا ناشکرا ۳۹:۳ اگر ارادہ کرتا اللہ کہ بنالے اولاد البتہ چن لیتا

مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ سُبْحَانَهُ ۖ هُوَ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ
اس میں سے جو وہ پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا پاک ہے وہ وہ اللہ ایک ہے، زبردست ہے

﴿٤﴾ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ ۖ يُكَوِّرُ اللَّيْلَ عَلَى
۳۹:٤ اس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمین کو حق کے ساتھ ڈھانپتا ہے رات کو پر

النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى اللَّيْلِ ۖ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ
دن اور ڈھانپتا ہے دن کو پر رات اور اس نے مسخر کر رکھا ہے سورج کو اور چاند کو

كُلٌّ يَجْرِي لِأَجَلٍ مُّسَمًّى ۗ أَلَا هُوَ الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ ﴿٥﴾
سب کے سب چل رہے ہیں مدت تک کے لئے ایک مقرر خبردار وہی زبردست ہے، بہت بخشش فرمانے والا ۳۹:۵

۸٤. فرمایا سچ تو یہ ہے، اور میں سچ ہی کہا کرتا ہوں۔

۸۵. کہ تجھ سے اور تیرے تمام ماننے والوں میں (بھی) جہنم کو بھر دونگا۔

۸٦. کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس پر کوئی بدلہ طلب نہیں کرتا اور نہ میں تکلف کرنے والوں میں سے ہوں۔

۸۷. یہ تمام جہان والوں کے لئے سرا سر نصیحت (و عبرت) ہے۔

۸۸. یقیناً تم اس کی حقیقت کو کچھ ہی وقت کے بعد (صحیح طور پر) جان لو گے۔

سورة الزُّمَر
مکہ
سورہ نمبر: ۳۹ آیات: ۷۵

۱. اس کتاب کا اتارنا اللہ تعالیٰ غالب با حکمت کی طرف سے ہے۔

۲. یقیناً ہم نے اس کتاب کو آپ کی طرف حق کے ساتھ نازل فرمایا ہے پس آپ اللہ ہی کی عبادت کریں، اسی کے لئے دین کو خالص کرتے ہوئے۔

۳. خبر دار! اللہ تعالیٰ ہی کے لئے خالص عبادت کرنا ہے اور جن لوگوں نے اس کے سوا اور جن لوگوں نے اس کے سوا دوسرے معبود بنا رکھے ہیں یہ لوگ جس بارے میں اختلاف کر رہے ہیں اس کا سچا فیصلہ اللہ خود کرے گا جھوٹے اور ناشکرے (لوگوں کو اللہ تعالیٰ راہ نہیں دکھاتا۔

٤. اگر اللہ تعالیٰ کا ارادہ اولاد ہی کا ہوتا تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا چن لیتا۔ (لیکن) وہ تو پاک ہے، وہ وہی اللہ تعالیٰ ہے یگانہ اور قوت والا۔

۵. نہایت اچھی تدبیر سے اس نے آسمان اور زمین کو بنایا وہ رات کو دن پر اور دن کو رات پر لپیٹ دیتا ہے اور اس نے سورج چاند کو کام پر لگا رکھا ہے۔ ہر ایک مقررہ مدت تک چل رہا ہے یقین مانو کہ وہی زبردست اور گناہوں کا بخشنے والا ہے۔

خَلَقَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَأَنزَلَ لَكُم
اس نے پیدا کیا تم کو سے جان ایک پھر پیدا کیا اس سے اس کا جوڑا اور اس نے اتارے تمہارے لئے

مِّنَ الْأَنْعَامِ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ ۚ يَخْلُقُكُمْ فِي بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ
میں سے مویشیوں آٹھ جوڑے پیدا کرتا ہے تم کو میں پیٹوں تمہاری ماؤں کے

خَلْقًا مِّن بَعْدِ خَلْقٍ فِي ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ ۚ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ لَهُ
ایک تخلیق کو بعد ایک تخلیق کے میں اندھیروں تین یہ ہے تمہارا اللہ رب تمہارا اسی کے لئے ہے

الْمُلْكُ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴿٦﴾ إِن تَكْفُرُوا فَإِنَّ
بادشاہت نہیں کوئی الٰہ برحق مگر وہی تو کہاں سے تم پھیرائے جاتے ہو ۳۹:۶ اگر تم کفر کروگے تو بیشک

اللَّهَ غَنِيٌّ عَنكُمْ ۖ وَلَا يَرْضَىٰ لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ ۖ وَإِن تَشْكُرُوا يَرْضَهُ
اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے تم سے اور نہیں وہ پسند کرتا اپنے بندوں کے لئے کفر کو اور اگر تم شکر کروگے پسند کرتا ہے اس کو

لَكُمْ ۗ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۗ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ
تمہارے لئے اور نہیں بوجھ اٹھائے گا کوئی بوجھ اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا پھر طرف اپنے رب کی لوٹنا ہے تمہارا

فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٧﴾
پھر وہ بتائے گا تم کو ساتھ اس کے جو تھے تم تم عمل کرتے بیشک وہ جاننے والا ہے بھید سینوں کے ۳۹:۷

۞ وَإِذَا مَسَّ الْإِنسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهُ مُنِيبًا إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً ۳/۴ الحزب ۴۶
اور جب چھو جاتی ہے انسان کو کوئی تکلیف پکارتا ہے اپنے رب کو رجوع کرتے ہوئے اس کی طرف پھر جب وہ عطا کردیتا ہے اس کو کوئی نعمت

مِّنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُو إِلَيْهِ مِن قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَندَادًا لِّيُضِلَّ
اپنی طرف سے بھول جاتا ہے جو تھا اس نے پکارا طرف اس کے اس سے پہلے اور اس نے بنا ڈالے اللہ کے لئے کچھ شریک تاکہ بھٹکادیں

عَن سَبِيلِهِ ۚ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيلًا ۖ إِنَّكَ مِنْ أَصْحَابِ النَّارِ
سے اس کے راستے کہہ دیجئے فائدہ اٹھالو اپنے کفر کے ساتھ تھوڑا سا بیشک تو میں سے ہے والوں آگ

﴿٨﴾ أَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ آنَاءَ اللَّيْلِ سَاجِدًا وَقَائِمًا يَحْذَرُ الْآخِرَةَ
۳۹:۸ کیا بھلا وہ جو بندگی کرنے والا ہے گھڑیوں میں رات کی سجدہ کرنے والا ہے اور قیام کرنے والا ہے ڈرتا ہے آخرت سے

وَيَرْجُو رَحْمَةَ رَبِّهِ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ
اور امید رکھتا ہے رحمت کی اپنے رب کی کہہ دیجئے کیا برابر ہوسکتے ہیں وہ لوگ جو علم رکھتے ہیں اور وہ لوگ

لَا يَعْلَمُونَ ۗ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿٩﴾ قُلْ يَا عِبَادِ الَّذِينَ
نہیں جو علم رکھتے بیشک نصیحت پکڑتے ہیں والے عقلوں ۳۹:۹ کہہ دیجئے اے میرے بندو، وہ جو

آمَنُوا اتَّقُوا رَبَّكُمْ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا فِي هَٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۗ
ایمان لائے ہو ڈرو اپنے رب سے ان لوگوں کے لئے جنہوں نے اچھا کیا میں اس دنیا بھلائی ہے

وَأَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةٌ ۗ إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُونَ أَجْرَهُم بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿١٠﴾
اور زمین اللہ کی وسیع ہے بیشک پورا کردیئے جائیں گے صبر کرنے والے اجر اپنا بغیر حساب کے ۳۹:۱۰



٦. اس نے تم سب کو ایک ہی جان سے پیدا کیا ہے پھر اسی سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور تمہارے لئے چوپایوں میں سے (آٹھ نر و مادہ) اتارے، وہ تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں ایک بناوٹ کے بعد دوسری بناوٹ پر بناتا ہے تین اندھیروں میں، یہی اللہ تعالیٰ تمہارا رب ہے اس کے لئے بادشاہت ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں بہک رہے ہو۔

٧. اگر تم ناشکری کرو تو (یاد رکھو) کہ اللہ تعالیٰ تم (سب سے) بے نیاز ہے، اور وہ اپنے بندوں کی ناشکری سے خوش نہیں اور اگر تم شکر کرو تو وہ اسے تمہارے لئے پسند کرے گا۔ اور کوئی کسی کا بوجھ نہیں اٹھاتا پھر تم سب کا لوٹنا تمہارے رب ہی کی طرف ہے۔ تمہیں وہ بتلا دے گا جو تم کرتے تھے۔ یقیناً وہ دلوں تک کی باتوں کا واقف ہے۔

٨. اور انسان کو جب کبھی کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ خوب رجوع ہو کر اپنے رب کو پکارتا ہے، پھر جب اللہ تعالیٰ اسے اپنے پاس سے نعمت عطا فرما دیتا ہے تو وہ اس سے پہلے جو دعا کرتا تھا اسے (بالکل بھول) جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے شریک مقرر کرنے لگتا ہے جس سے (اوروں کو بھی) اس کی راہ سے بہکائے، آپ کہہ دیجئے! کہ اپنے کفر کا فائدہ کچھ دن اور اٹھالو، (آخر) تو دوزخیوں میں ہونے والا ہے۔

٩. بھلا جو شخص راتوں کے اوقات سجدے اور قیام کی حالت میں (عبادت میں) گزراتا ہو، آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے رب کی رحمت کی امید رکھتا ہو (اور جو اس کے برعکس ہو برابر ہو سکتے ہیں) بتاؤ تو علم والے اور بے علم کیا برابر ہیں؟ یقیناً نصیحت وہی حاصل کرتے ہیں جو عقلمند ہوں۔ (اپنے رب کی طرف سے)۔

١٠. کہہ دو کہ اے میرے ایمان والے بندو! اپنے رب سے ڈرتے رہو، جو اس دنیا میں نیکی کرتے ہیں ان کے لئے نیک بدلہ ہے، اور اللہ تعالیٰ کی زمین بہت کشادہ ہے صبر کرنے والے ہی کو ان کا پورا پورا بیشمار اجر دیا جاتا ہے۔

قُلْ إِنِّيٓ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ ٱللَّهَ مُخْلِصًا لَّهُ ٱلدِّينَ ١١ وَأُمِرْتُ لِأَنْ أَكُونَ

کہہ دیجئے میں بیشک میں حکم دیا گیا ہوں کہ میں عبادت کروں اللہ کی خالص کرتے ہوئے اس کے لئے دین کو ۳۹:۱۱ اور میں حکم دیا گیا ہوں یہ کہ میں ہوجاؤں

أَوَّلَ ٱلْمُسْلِمِينَ ١٢ قُلْ إِنِّيٓ أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ

سب سے پہلا مسلمانوں ۳۹:۱۲ کہہ دیجئے بیشک میں ڈرتا ہوں اگر میں نے نافرمانی کی اپنے رب کی عذاب سے بڑے دن کے

١٣ قُلِ ٱللَّهَ أَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهُۥ دِينِي ١٤ فَٱعْبُدُوا۟ مَا شِئْتُم مِّن دُونِهِۦ ۗ

۳۹:۱۳ کہہ دیجئے اللہ ہی کی میں عبادت کرتا ہوں خالص کرتے ہوئے اس کے لئے اپنے دین کو ۳۹:۱۴ پس تم عبادت کرو اس کی جو تم چاہتے ہو اس کے سوا

قُلْ إِنَّ ٱلْخَـٰسِرِينَ ٱلَّذِينَ خَسِرُوٓا۟ أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ ٱلْقِيَـٰمَةِ ۗ

کہہ دیجئے بیشک خسارا پانے والے وہ لوگ ہیں جنہوں نے خسارے میں ڈالا اپنے نفسوں کو اور اپنے گھر والوں کو دن قیامت کے

أَلَا ذَٰلِكَ هُوَ ٱلْخُسْرَانُ ٱلْمُبِينُ ١٥ لَهُم مِّن فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ ٱلنَّارِ

خبردار یہی وہ خسارا ہے کھلم کھلا ۳۹:۱۵ ان کے لئے سے ان کے اوپر چھتریاں ہیں میں سے آگ

وَمِن تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۚ ذَٰلِكَ يُخَوِّفُ ٱللَّهُ بِهِۦ عِبَادَهُۥ ۚ يَـٰعِبَادِ فَٱتَّقُونِ ١٦

اور سے ان کے نیچے چھتریاں ہیں یہ ڈراتا ہے اللہ اس سے اپنے بندوں کو اے میرے بندو، پس ڈرو مجھ سے ۳۹:۱۶

وَٱلَّذِينَ ٱجْتَنَبُوا۟ ٱلطَّـٰغُوتَ أَن يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوٓا۟ إِلَى ٱللَّهِ لَهُمُ ٱلْبُشْرَىٰ ۚ

اور وہ لوگ جنہوں نے اجتناب کیا طاغوت سے کہ وہ عبادت کریں اس کی اور رجوع کیا طرف اللہ کے ان کے لئے خوش خبری ہے

فَبَشِّرْ عِبَادِ ١٧ ٱلَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ ٱلْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُۥٓ ۚ

پس بشارت دے دو میرے بندوں کو ۳۹:۱۷ وہ لوگ جو سنتے ہیں بات کو پھر پیروی کرتے ہیں اس کے اچھے حصے کی

أُو۟لَـٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ هَدَىٰهُمُ ٱللَّهُ ۖ وَأُو۟لَـٰٓئِكَ هُمْ أُو۟لُوا۟ ٱلْأَلْبَـٰبِ ١٨

یہی وہ لوگ ہیں جو کو ہدایت دی اللہ نے اور یہی لوگ وہ جو والے ہیں عقلوں ۳۹:۱۸

أَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ ٱلْعَذَابِ أَفَأَنتَ تُنقِذُ مَن فِي ٱلنَّارِ ١٩

کیا بھلا وہ جو ثابت ہوگیا اس پر فیصلہ عذاب کا کیا بھلا تو تو بچائے گا اسے جو میں ہے آگ ۳۹:۱۹

لَـٰكِنِ ٱلَّذِينَ ٱتَّقَوْا۟ رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ مِّن فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ تَجْرِي

لیکن وہ لوگ جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا اپنے رب کا ان کے لئے بالاخانے ہیں سے ان کے اوپر بالاخانے ہیں بنائے ہوئے بہتی ہیں

مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ ۖ وَعْدَ ٱللَّهِ ۖ لَا يُخْلِفُ ٱللَّهُ ٱلْمِيعَادَ ٢٠ أَلَمْ تَرَ

سے ان کے نیچے نہریں وعدہ ہے اللہ کا نہ خلاف کرے گا اللہ وعدے کو ۳۹:۲۰ کیا نہیں تم نے دیکھا

أَنَّ ٱللَّهَ أَنزَلَ مِنَ ٱلسَّمَآءِ مَآءً فَسَلَكَهُۥ يَنَـٰبِيعَ فِي ٱلْأَرْضِ ثُمَّ

بیشک اللہ تعالیٰ نے نازل کیا سے آسمان پانی پھر چلایا اس کو چشموں میں میں زمین پھر

يُخْرِجُ بِهِۦ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا أَلْوَٰنُهُۥ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَىٰهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ

نکالتا ہے اس کے ذریعے کھیتیاں مختلف ہیں اس کے رنگین پھر وہ خشک ہو جاتی ہے پھر تم دیکھتے ہو اس کو زرد ہوتا ہوا پھر

يَجْعَلُهُۥ حُطَـٰمًا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَذِكْرَىٰ لِأُو۟لِي ٱلْأَلْبَـٰبِ ٢١

کردیتا ہے اس کو ریزہ ریزہ یقیناً میں اس ضرور نصیحت ہے والوں کے لئے عقلوں ۳۹:۲۱

۱۱. آپ کہہ دیجئے! کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اس طرح عبادت کروں کہ اسی کے لئے عبادت خالص کرلوں۔

۱۲. اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلا فرماں بردار بن جاؤں۔

۱۳. کہہ دیجئے! کہ مجھے تو اپنے رب کی نافرمانی کرتے ہوئے بڑے دن کے عذاب کا خوف لگتا ہے۔

۱۴. کہہ دیجئے! کہ میں تو خالص کرکے صرف اپنے رب ہی کی عبادت کرتا ہوں۔

۱۵. تم اس کے سوا جس کی چاہو عبادت کرتے رہو کہہ دیجئے! کہ حقیقی زیاں کار وہ ہیں جو اپنے آپ کو اور اپنے اہل کو قیامت کے دن نقصان میں ڈال دیں گے، یاد رکھو کہ کھلم کھلا نقصان یہی ہے۔

۱۶. انہیں نیچے اور اوپر سے آگ کے شعلے مثل سائبان کے ڈھانک رہے ہونگے، یہی (عذاب) ہے جن سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ڈرا رہا ہے، اے میرے بندو! پس مجھ سے ڈرتے رہو۔

۱۷. اور جن لوگوں نے طاغوت کی عبادت سے پرہیز کیا اور (ہمہ تن) اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہے وہ خوشخبری کے مستحق ہیں، میرے بندوں کو خوشخبری سنا دیجئے۔

۱۸. جو بات کو کان لگا کر سنتے ہیں۔ پھر جو بہترین بات ہو اس پر عمل کرتے ہیں۔ یہی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت کی اور یہی عقلمند بھی ہیں۔

۱۹. بھلا جس شخص پر عذاب کی بات ثابت ہو چکی ہے تو کیا آپ اسے جو دوزخ میں ہے چھڑا سکتے ہیں۔

۲۰. ہاں وہ لوگ جو اپنے رب سے ڈرتے رہے ان کے لئے بالا خانے ہیں جن کے اوپر بھی بنے بنائے بالا خانے ہیں اور ان کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں رب کا وعدہ ہے اور وہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۲۱. کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی اتارتا ہے اور اسے زمین کی سوتوں میں پہنچاتا ہے پھر اسی کے ذریعے مختلف قسم کی کھیتیاں اگاتا ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہیں اور آپ انہیں زرد رنگ میں دیکھتے ہیں پھر انہیں ریزہ ریزہ کر دیتا ہے، اس میں عقلمندوں کیلئے بہت زیادہ نصیحت ہے۔

أَفَمَن شَرَحَ ٱللَّهُ صَدۡرَهُۥ لِلۡإِسۡلَٰمِ فَهُوَ عَلَىٰ نُورٖ مِّن رَّبِّهِۦۚ فَوَيۡلٞ
کیا بھلا وہ جس کا | کھول دیا | اللہ نے | سینہ اس کا | اسلام کے لئے | پس وہ ہو | اوپر | ایک نور کے | سے | اپنے رب | تو بربادی ہے

لِّلۡقَٰسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكۡرِ ٱللَّهِۚ أُوْلَٰٓئِكَ فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ ٢٢
ان کے لئے جو سنگ دل ہوگئے ہیں | دل ان کے | سے | ذکر | اللہ کے | یہی لوگ ہیں | میں | گمراہی | کھلی | ۳۹:۲۲

ٱللَّهُ نَزَّلَ أَحۡسَنَ ٱلۡحَدِيثِ كِتَٰبٗا مُّتَشَٰبِهٗا مَّثَانِيَ تَقۡشَعِرُّ مِنۡهُ
اللہ تعالیٰ نے | نازل کی | بہترین | کلام | ایک کتاب ہے | جو آپس میں ملتی جلتی ہے | دہرائی جانے والی ہے | رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں | اس سے

جُلُودُ ٱلَّذِينَ يَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمۡ وَقُلُوبُهُمۡ
کھالیں | ان لوگوں کی | جو ڈرتے ہیں | اپنے رب سے | پھر | نرم ہوجاتی ہیں | ان کی کھالیں | اور ان کے دلوں

إِلَىٰ ذِكۡرِ ٱللَّهِۚ ذَٰلِكَ هُدَى ٱللَّهِ يَهۡدِي بِهِۦ مَن يَشَآءُۚ وَمَن
طرف | ذکر کی | اللہ کے | یہ ہے | ہدایت | اللہ کی | رہنمائی کرتا ہے | اس سے | جس کی | چاہتا ہے | اور جس کو

يُضۡلِلِ ٱللَّهُ فَمَا لَهُۥ مِنۡ هَادٍ ٢٣ أَفَمَن يَتَّقِي بِوَجۡهِهِۦ سُوٓءَ
گمراہ کردے | اللہ | تو نہیں | اس کے لئے | کوئی | ہدایت دینے والا | ۳۹:۲۳ | کیا بھلا وہ جو | بچاتا ہے | اپنے چہرے کو | برے

ٱلۡعَذَابِ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۚ وَقِيلَ لِلظَّٰلِمِينَ ذُوقُواْ مَا كُنتُمۡ تَكۡسِبُونَ
عذاب سے | دن | قیامت کے | اور کہا جائے گا | ظالموں سے | چکھو | جو | تھے تم | ،تم کمائی کرتے

٢٤ كَذَّبَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ فَأَتَىٰهُمُ ٱلۡعَذَابُ مِنۡ حَيۡثُ
۳۹:۲۴ | جھٹلایا | ان لوگوں نے | جو ان سے پہلے تھے | تو آیا ان کے پاس | عذاب | سے | جہاں

لَا يَشۡعُرُونَ ٢٥ فَأَذَاقَهُمُ ٱللَّهُ ٱلۡخِزۡيَ فِي ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَاۖ وَلَعَذَابُ
نہ | وہ شعور رکھتے تھے | ۳۹:۲۵ | تو چکھایا ان کو | اللہ نے | رسوائی کو | میں | زندگی | دنیا کی | اور البتہ عذاب

ٱلۡأٓخِرَةِ أَكۡبَرُۚ لَوۡ كَانُواْ يَعۡلَمُونَ ٢٦ وَلَقَدۡ ضَرَبۡنَا لِلنَّاسِ فِي
آخرت کا | زیادہ بڑا ہے | کاش | وہ | جانتے ہوتے | ۳۹:۲۶ | اور البتہ تحقیق | بیان کی ہم نے | لوگوں کے لئے | میں

هَٰذَا ٱلۡقُرۡءَانِ مِن كُلِّ مَثَلٖ لَّعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُونَ ٢٧ قُرۡءَانًا عَرَبِيًّا
اس | قرآن | سے | ہر | قسم کی مثالیں | شاید کہ وہ | نصیحت پکڑیں | ۳۹:۲۷ | قرآن ہے | جو عربی زبان میں ہے

غَيۡرَ ذِي عِوَجٖ لَّعَلَّهُمۡ يَتَّقُونَ ٢٨ ضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلٗا رَّجُلٗا فِيهِ
نہیں ہے | والا | ٹیڑھ (والا) | شاید کہ وہ، | وہ بچیں | ۳۹:۲۸ | بیان کی | اللہ نے | ایک مثال | ایک شخص کی | اس میں

شُرَكَآءُ مُتَشَٰكِسُونَ وَرَجُلٗا سَلَمٗا لِّرَجُلٍ هَلۡ يَسۡتَوِيَانِ مَثَلًاۚ
کئی شریک ہیں | جھگڑالو | اور ایک شخص | سلامت ہے | ایک شخص کے لئے | کیا | وہ دونوں برابر ہوسکتے ہیں | مثال میں

ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِۚ بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ ٢٩ إِنَّكَ مَيِّتٞ وَإِنَّهُم
الحمد | للہ | بلکہ | ان میں سے اکثر | نہیں | علم رکھتے | ۳۹:۲۹ | بیشک تم | مرنے والے ہو | اور بیشک وہ

مَّيِّتُونَ ٣٠ ثُمَّ إِنَّكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ عِندَ رَبِّكُمۡ تَخۡتَصِمُونَ ٣١
مرنے والے ہیں | ۳۹:۳۰ | پھر | بیشک تم سب | دن | قیامت کے | پاس | اپنے رب کے | تم جھگڑا کرو گے | ۳۹:۳۱

۲۲. کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے کھول دیا ہے پس وہ اپنے پروردگار کی طرف سے ایک نور پر ہے، اور ہلاکی ہے ان پر جن کے دل یاد الٰہی سے (اثر نہیں لیتے) بلکہ سخت ہوگئے ہیں۔ یہ لوگ صریح گمراہی میں (مبتلا) ہیں۔

۲۳. اللہ تعالیٰ نے بہترین کلام نازل فرمایا ہے جو ایسی کتاب ہے کہ آپس میں ملتی جلتی اور بار بار دہرائی ہوئی آیتوں کی ہے جس سے ان لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جو اپنے رب کا خوف رکھتے ہیں آخر میں ان کے جسم اور دل اللہ تعالیٰ کے ذکر کی طرف نرم ہو جاتے ہیں یہ ہے اللہ تعالیٰ کی ہدایت جس کے ذریعے جسے چاہے راہ راست پر لگا دیتا ہے اور جسے اللہ تعالیٰ ہی راہ بھلا دے اس کا ہادی کوئی نہیں۔

۲۴. بھلا جو شخص قیامت کے دن ان کے بدترین عذاب کی (ڈھال) اپنے منہ کو بنائے گا (ایسے) ظالموں سے کہا جائے گا اپنے کئے کا (وبال) چکھو۔

۲۵. ان سے پہلے والوں نے بھی جھٹلایا، پھر وہاں سے عذاب آپڑا جہاں سے ان کو خیال بھی نہ تھا۔

۲۶. اور اللہ تعالیٰ نے انہیں زندگانی دنیا میں رسوائی کا مزہ چکھایا اور ابھی آخرت کا تو بڑا بھاری عذاب ہے کاش کہ یہ لوگ سمجھ لیں۔

۲۷. اور یقیناً ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لئے ہر قسم کی مثالیں بیان کر دی ہیں کیا عجب کہ وہ نصیحت حاصل کرلیں۔

۲۸. قرآن ہے عربی میں جس میں کوئی کجی نہیں، ہو سکتا ہے کہ پرہیزگاری اختیار کرلیں۔

۲۹. اللہ تعالیٰ مثال بیان فرما رہا ہے کہ ایک وہ شخص جس میں بہت سے باہم ضد رکھنے والے ساجھی ہیں، اور دوسرا وہ شخص جو صرف ایک ہی کا (غلام) ہے، کیا یہ دونوں صفت میں یکساں ہیں؟ اللہ تعالیٰ ہی کے لئے سب تعریف ہے، بات یہ ہے کہ ان میں اکثر لوگ سمجھتے نہیں۔

۳۰. یقیناً خود آپ کو بھی موت آئے گی اور یہ سب بھی مرنے والے ہیں۔

۳۱. پھر تم سب قیامت کے دن اپنے رب کے سامنے جھگڑو گے۔